روزنامہ

MUAWAN-E-WUAKLA

معاون وکلاء

بانی علی ہادی کوثر

چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول

ایڈیٹر روحیل اکبر

پاکپتن

جلد نمبر 3 | ہفتہ یکم اگست 2026، 17 صفر\1448/17 ساون 2083ب | شمارہ نمبر 75

بورڈ آف پیس نے غزہ میں حماس کے غیر مسلح ہونے، اسرائیلی فوج کے انخلا کا معاہدہ کرا لیا، ٹرمپ

معاہدہ ایک اہم قدم ہے کہ غزہ کا انتظام بالآخر ایک نئی فلسطینی حکومت کے سپرد کیا جائے' اسرائیل کو بھی وہی سکیورٹی حاصل ہوگی جس کا وہ حقدار ہے، امریکی صدر

غزہ معاہدہ، نیتن یاہو کا ٹرمپ کی مخالفت سے گریز، فوجی انخلا پر ہچکچاہٹ برقرار' اسرائیل نے ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو امن معاہدے پر عمل نہیں ہوگا، حماس

واشنگٹن (این ایل آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ بورڈ آف پیس نے غزہ میں حماس اور دیگر مسلح گروپوں کی مکمل غیر مسلحی کے حوالے سے ایک معاہدہ طے کرا لیا ہے، جس کے بعد مرحلہ وار اسرائیلی افواج کا غزہ سے انخلا بھی عمل میں آئے گا۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ یہ معاہدہ ان کے 20 نکاتی امن منصوبے پر عمل درآمد کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ ان کے مطابق غیر مسلحی کا عمل مختلف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

راولپنڈی: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کو قطر سے ایک اور طویل مدتی ایل این جی کارگو موصول

توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد ملنے کی توقع

کراچی (این این آئی) مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باوجود پاکستان کو قطر انرجی سے ایک اور طویل مدتی مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کارگو موصول ہو گیا ہے، جس سے ملک کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

ڈی آئی خان' پولیس وین پر فائرنگ، اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان میں پولیس وین پر فائرنگ سے اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید ہو گئے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق یہ واقعہ ڈی آئی خان کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتیں یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

اوگرا میں اصلاحات اور ایندھن سپلائی کی ڈیجیٹل نگرانی مزید مؤثر بنانے کے اقدامات کیے جائیں، حکومت عوام کی ایک ایک پائی کا تحفظ کرے گی، کسی کو عوام کے استحصال' سسٹم میں مداخلت کی اجازت نہیں دینگے

حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تمام اداروں میں یکساں طور پر نفاذ یقینی بنایا جائے' ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے' شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے اوگرا میں اصلاحات اور ایندھن سپلائی کی ڈیجیٹل نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت جاری کردیں۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی اصلاحات اور ادارہ جاتی استعداد میں بہتری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

ستھرا پنجاب کی طرز پر صاف پانی اتھارٹی کو فعال اور منظم بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب

صاف پانی منصوبہ میرے دل کے بے حد قریب' سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی' ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی سب سے اہم ترجیح ہے

صاف پانی اتھارٹی کو تکنیکی اور انتظامی لحاظ سے مکمل بااختیار بنایا جائے گا' مریم نواز نے 5 روز کے اندر صوبے بھر میں صاف پانی کی فراہمی کا فول پروف پلان طلب کر لیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 5 روز کے اندر اندر صوبے بھر میں صاف پانی کی فراہمی کا فول پروف پلان طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ستھرا پنجاب کی طرح صاف پانی اتھارٹی پنجاب کو ری سٹرکچر کر کے جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائے، پنجاب صاف پانی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

دہشتگردوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

فورسز نے 40 ہزار 348 آپریشنز کیے، 819 جوان شہید ہوئے جبکہ 2084 دہشت گرد مارے گئے، بلوچستان میں 31 ہزار 80 اور خیبر پختونخوا میں 7 ہزار 177 آپریشن کئے گئے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

بلوچستان کے حوالے سے جان بوجھ کر منفی پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، پاکستان میں آئین اور قوانین سب کے لیے یکساں ہیں، ریاست سے وفاداری ہر شہری کا حق ہے، پاکستان ہی ہماری آخری پہچان ہے

راولپنڈی: چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی سے پیر حسن حبیب عیدگاہ شریف ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی: (این ایل آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ دہشت گردوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں، ورنہ ہم ختم کردیں گے۔ سکیورٹی معاملات پر نیوز کانفرنس کے دوران ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے بتایا کہ فورسز نے 40 ہزار 348 آپریشنز کیے، 819 جوان شہید ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

انتظامی یونٹ ہوں یا نئے صوبے' ن اور پی پی ایسا کبھی نہیں ہونے دینگے' بیرسٹر گوہر

محسن نقوی اور بلاول سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، عوام کو بتایا جانا چاہیے کہ سسٹم کو ڈیفالٹ موڈ پر کون لے کر گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ انتظامی یونٹ ہوں یا نئے صوبے، ن لیگ اور پی پی یہ کبھی نہیں ہونے دیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں شہباز شریف اوگرا میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پٹرولیم سیکٹر کو مرحلہ وار ڈی ریگولیٹ کرنے کا فیصلہ، ڈیزل سستا کرنے پر غور

ہائی سپیڈ ڈیزل کا کریک سپریڈ 35 تا 40 ڈالر فی بیرل کرنے کی تجویز، پٹرولیم ڈپو پوائنٹس 22 سے کم کر کے 11 کرنے کی سفارش

وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس' کنٹرولڈ نظام سے ڈی ریگولیٹڈ قیمتوں کے نظام کی جانب مرحلہ وار منتقلی پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران امریکا جنگ کے دوران تیل کی قیمتوں کا ہفتہ وار جائزہ لینے کا طریقہ کار اختیار کرنے کے بعد حکومت نے اب پٹرولیم شعبے کو مرحلہ وار ڈی ریگولیٹ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہائی سپیڈ ڈیزل کا کریک سپریڈ 70 سے کم کر کے 35 تا 40 ڈالر فی بیرل کرنے کی تجویز ہے، آئی ایف ای ایم اصلاحات کے تحت پٹرولیم ڈپو پوائنٹس 22 سے کم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

کوئٹہ، کوئلے کی کان میں دھماکا، جاں بحق کان کنوں کی تعداد 34 ہوگئی

کوئلہ کان حادثہ دو کانوں کے بیٹھنے سے پیش آیا، ایک کوئلہ کان سے 22 لاشیں جبکہ دوسری کان سے 12 لاشیں نکالی گئیں

میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا، 42 مزدور تھے، کان میں پھنسنے مزدوروں کا تعلق خیبر پختونخوا کے علاقے شانگلہ سے ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے بعد پھنسے 42 افراد میں سے 34 کی موت کی تصدیق کر دی گئی، جن کی لاشیں بھی نکال لی گئی ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق کوئلہ کان حادثہ دو کانوں کے بیٹھنے سے پیش آیا، ایک کوئلہ کان سے 22 لاشیں جبکہ دوسری کان سے 12 لاشیں نکالی گئیں، مزید کان کنوں کی لاشوں کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

لاہور: سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز سے ملتان کے پارٹی رہنما سعد خورشید کانجو ملاقات کر رہے ہیں

براڈ پیک پر تودہ گرنے سے لاپتہ 10 کوہ پیماؤں میں سے 4 کی لاشیں مل گئیں

حادثے میں نیپالی، پاکستانی، چینی اور امریکی کوہ پیما لاپتہ ہوئے، دیگر لاپتہ کوہ پیماؤں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن تیز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں موجود دنیا کی 12 ویں بلند ترین چوٹی براڈ پیک پر برفانی تودہ گرنے سے لاپتہ ہونے والے 10 کوہ پیماؤں میں سے 4 کی لاشیں مل گئیں، دیگر لاپتہ کوہ پیماؤں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن تیز کر دیا گیا، حادثے میں نیپالی، پاکستانی، چینی اور امریکی کوہ پیما لاپتہ ہوئے۔ وزیر سیاحت نیک نام کریم نے کہا کہ براڈ پیک میں لاپتہ ہونے والے کوہ پیماؤں کے لیے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

پاکستان میں بھارتی سپانسرڈ دہشتگردی کے شواہد پھر سامنے آگئے

بھارتی طالبان حمایت کا مقصد فتنہ الخوارج کو پاکستان کیخلاف استعمال کرنا ہے، مسعود اندرابی

کابل (این این آئی) سابق افغان خفیہ ایجنسی کے سربراہ مسعود اندرابی نے بھارت، فتنہ الخوارج اور طالبان کا گٹھ جوڑ بے نقاب کر دیا۔ سابق افغان انٹیلی جنس سربراہ مسعود اندرابی نے دی ڈپلومیٹ کے پروگرام میں کہا کہ افغان طالبان رجیم بھارت سے مالی امداد حاصل کر کے پاکستان میں دہشت گرد گروہوں کی پشت پناہی کر رہی ہے، معرکہ حق میں ناکامی کے بعد بھارت افغانستان میں پاکستان کیخلاف اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے، بھارت کی طالبان حمایت کا اصل مقصد فتنہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

پاکستان کا انسانی بنیادوں پر 16 ہزار افغان شہریوں کو قیام میں توسیع دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ قانونی ویزا یا سفری دستاویزات رکھنے والے کسی افغان شہری کو پاکستان سے بے دخل نہیں کیا گیا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے بتایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

تربت، 6 مزدوروں کی گولیاں لگی لاشیں برآمد

کیچ (این این آئی) ضلع کیچ کے شہر تربت کے علاقے ناصر آباد سے 6 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں پر گولیوں کے نشانات ہیں، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق مثالی گاؤں پروگرام کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ، پاکستان میں مہنگائی کا دباؤ بڑھنے کا خدشہ

جولائی میں افراطِ زر 9 سے 10 فیصد رہنے کی توقع، غیر ملکی سرمایہ کاری اور برآمدات میں کمی، ترسیلاتِ زر اور صنعتی پیداوار میں بہتری

جولائی سے ستمبر کے دوران معمول سے کم بارشوں کا امکان' خریف کی فصلوں کو پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے' معاشی آؤٹ لک

کراچی (این این آئی) وزارت خزانہ نے خبردار کیا ہے کہ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور مشرقِ وسطیٰ میں جاری جغرافیائی و سیاسی کشیدگی کے باعث پاکستان میں مہنگائی پر مزید دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ وزارت کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جولائی 2026 کے دوران افراطِ زر کی شرح 9 سے 10 فیصد کے درمیان رہنے کا امکان ہے، جبکہ بیرونی شعبے کی مجموعی صورتحال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال ہیلتھ انسپکٹرز میں الٹراساؤنڈ مشینیں تقسیم کر رہے ہیں

محنت کش ہمارا اثاثہ، مزدوروں کیلئے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں، صدر، وزیراعظم

وطن کی تعمیر و ترقی میں محنت کش طبقے کا کردار قابلِ قدر، جان و مال کا تحفظ ریاست کی مشترکہ ذمہ داری ہے' زرداری کا کوئلہ کان میں پیش افسوسناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

شہباز شریف کا مزدوروں کی اموات پر گہرے دکھ کا اظہار' کوئلہ کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں کو محفوظ بنانے کے لئے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

کاروباری برادری کو محفوظ اور سازگار ماحول کی فراہمی ترجیح ہے، محسن نقوی

کاروباری برادری کی ترقی میں ہی پاکستان کی ترقی پنہاں' پوری حکومت آپ کے ساتھ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تاجروں اور صنعت کاروں نے ملاقات کی جس میں دونوں صوبوں کے تمام چیمبرز آف کامرس نے موجودہ سکیورٹی صورتحال اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وفد کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)

اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)

وزیر تجارت سے گوجرانوالہ سمال چیمبر کے وفد کی ملاقات

برآمدات کے فروغ، صنعتی مسابقت، فنانس تک رسائی اور ریگولیٹری تک رسائی کے چیلنجز پر گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے گوجرانوالہ سمال چیمبر آف کامرس کے وفد نے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، برآمدات کے فروغ، صنعتی مسابقت، فنانس تک رسائی اور ریگولیٹری تک رسائی کے چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

این سی سی آئی اے کی مختلف شہروں میں کارروائیاں، آن لائن بلیک میلرز گرفتار

لاہور، فیصل آباد اور ملتان سے آن لائن ہراساں کرنے والے 4 ملزمان گرفتار کئے گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) این سی سی آئی اے نے بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے لاہور، فیصل آباد اور ملتان سے آن لائن ہراساں کرنے والے 4 ملزمان گرفتار کر لئے۔ حکام کے مطابق خواتین کو مسلسل ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے الزام میں لاہور سے ملزم ہارون قریشی کو گرفتار کیا گیا، فیصل آباد سے میاں بیوی کو قابل اعتراض مواد سے بلیک میل کر کے رقم وصول کرنے والے ملزمان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

محکمہ سکولز ایجوکیشن کا مزید 555 سرکاری سکول ضم کرنے کا فیصلہ

تمام سکول دوسرے سرکاری سکول سے 2 کلومیٹر کے فاصلے کے اندر واقع ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ سکولز ایجوکیشن نے مزید 555 سرکاری سکول ختم کر کے انہیں قریبی ہائی یا ایلیمنٹری سکولوں میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ تمام سکول دوسرے سرکاری سکول سے 2 کلومیٹر کے فاصلے کے اندر واقع ہیں جبکہ ان میں طلبہ کی تعداد 5 سے بھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

ایکشن کمیٹی نے الیکشن فارم سے ریاست پاکستان سے وفاداری کی شق نکالنے کا مطالبہ کیا' امیر مقام

آزاد کشمیر کے آئندہ وزیراعظم سے متعلق فیصلہ سابق وزیراعظم نواز شریف کریں گے' وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے الیکشن کے حلف نامے سے پاکستان سے وفاداری کی شق نکالنے کا مطالبہ کیا گیا، ہم نے ایکشن کمیٹی کے 38 میں سے زیادہ نکات مانے لیکن یہ مزید مطالبات لے آئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میرپور ڈویژن میں ہونے والے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات شفاف، منصفانہ اور پرامن انداز میں منعقد ہوئے، دھاندلی کے الزامات حقائق کے منافی ہیں، 50 فیصد سے زیادہ ٹرن آؤٹ اس بات کا واضح ثبوت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

پاکستانی یوٹیوب تخلیق کار عالمی ناظرین میں مقبول، 1200 سے زائد چینلز کے ایک ملین سے زیادہ سبسکرائبرز

لاہور (سٹاف رپورٹر) گوگل نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کے تیزی سے ترقی کرنے والے یوٹیوب ماحولیاتی نظاموں میں شامل ہو چکا ہے جہاں تخلیق کار اپنی معیاری اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

پنجاب میں دریاؤں کی صورتحال بہتر، مون سون بارشوں کا الرٹ جاری

شہریوں کو آئندہ چند روز تک ممکنہ بارشوں کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترجمان پنجاب پی ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ صوبے کے بیشتر دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول پر آ گیا ہے تاہم 5 اگست تک مون سون بارشوں کا چوتھا سلسلہ جاری رہنے کے باعث مختلف علاقوں میں فلیش فلڈنگ، اربن فلڈنگ اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ برقرار ہے۔ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے کہا کہ صوبے کے بیشتر دریاؤں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 29)

سینئر ٹی وی فنکار محمد احمد کیساتھ ڈرامہ سیریل کے سیٹ پر پیش آنے والا واقعہ قابل مذمت اور انتہائی افسوسناک ہے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے پنجاب کی صوبائی محتسب ڈاکٹر نجمہ افضل خان گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس میں تحریک منہاج القرآن کے ناظم اعلیٰ خرم نواز گنڈاپور کی قیادت میں وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

اڑان پاکستان کے تحت اصلاحات مزید تیز کی جائیں گی، احسن اقبال

موجودہ معاشی استحکام عوام کی قربانیوں، بہتر مالی نظم و ضبط اور موثر معاشی فیصلوں کا نتیجہ ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی

معاشی ترقی کا انحصار پیداواری صلاحیت، برآمدات، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور نجی شعبے کے فعال کردار پر ہوگا، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ غیر یقینی عالمی حالات، جغرافیائی کشیدگی، توانائی کی عالمی رسد میں رکاوٹوں اور تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود پاکستان معاشی استحکام کے سفر کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے، حکومت کی اولین ترجیح مشکل فیصلوں سے حاصل ہونے والے معاشی استحکام کو ہر قیمت پر برقرار رکھتے ہوئے اسے پائیدار ترقی، سرمایہ کاری، روزگار اور عوامی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہے۔ وزارت منصوبہ بندی کی ماہانہ ترقیاتی رپورٹ برائے جولائی 2026 کے اجرا اور نئے مالی سال 2026-27 کے اہداف و حکمت عملی کے آغاز پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ موجودہ معاشی استحکام عوام کی قربانیوں، بہتر مالی نظم وضبط اور موثر معاشی فیصلوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ "اڑان پاکستان" کے تحت معاشی استحکام کو مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کرنے کی رفتار مزید تیز کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معیشت نے مضبوط بحالی کا مظاہرہ کیا اور شرح نمو 2.3 فیصد سے بڑھ کر 3.7 فیصد تک پہنچ گئی۔

لاہور: ہربنس پورہ میں تین منزلہ مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 11 افراد کی ہلاکت پر اہل علاقہ متاثرہ گھر کے باہر جمع ہے۔

پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ

اگست سے اسکولوں اور کالجوں میں روڈ سیفٹی اور قانونی ڈرائیونگ سے متعلق خصوصی سیشنز ہوں گے، مراسلہ جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے تعلیمی اداروں میں جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت کردی۔ اس ضمن میں ایس ایس پی ٹریفک پنجاب سید ندیم عباس نے سی ٹی اوز اور ڈی پی اوز کو مراسلہ جاری کردیا جس میں ہدایت کی گئی ہے کہ پنجاب بھر کے اسکولوں اور کالجوں میں طلبہ کو جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ سے متعلق آگاہی دی جائے گی۔ اگست میں تعلیمی ادارے کھلنے پر خصوصی روڈ سیفٹی آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ طلبہ کو جووینائل پرمٹ کے حصول کا طریقہ کار اور قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا جائے گا۔

لاہور: صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

موٹروے پولیس کی بڑی کارروائی، درجنوں اسلحہ سمیت 2 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) موٹروے پولیس نے ایم-5 موٹروے پر کار سے 14 ایس ایم جی رائفلیں، 01 شاٹ گن، 23 پستول اور 18 ہزار سے زائد گولیاں برآمد کرلیں۔ ترجمان موٹروے پولیس سنٹرل ریجن کے مطابق روہڑی کے قریب موٹروے پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان گرفتار کرلیے اور بھاری اسلحہ برآمد کرلیا۔ کار پشاور سے اندرون سندھ اسلحہ کی سپلائی کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

محکمہ تعلیم سندھ کا سرکاری ونجی اسکول ہفتے میں 6 روز کھولنے کا حکم، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے صوبے بھر میں سرکاری و نجی اسکول یکم اگست سے 6 روز تک کھولنے کے احکامات جاری کردیئے۔ صوبائی محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سندھ کے سرکاری و نجی اسکول یکم اگست سے 6 روز کھولے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ یکم اگست سے سندھ بھر کے سرکاری و نجی اسکول کھل جائیں گے، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں پیر سے ہفتہ تک باقاعدہ کلاسز ہوں گی۔

سرکاری ہسپتالوں پر صحافت کی آڑ میں دو نمبری کرنے والے افراد کا بسیرا

مشکوک کردار والی فلاحی تنظیموں کا سہارا لیکر ایمبولنس سروس تک رسائی حاصل کرلی

وزیر آباد (نامہ نگار) سرکاری ہسپتالوں پر آوارہ منش افراد، صحافت کی آڑ میں دو نمبری کرنے والے افراد کا بسیرا، مریضوں کو لوٹنے کی گندی عادت سے مجبور افراد نے مشکوک کردار والی فلاحی تنظیموں کا سہارا لیکر ایمبولنس سروس تک رسائی حاصل کرلی۔ کارڈیالوجی انسٹی ٹیوٹ اور سرکاری ہسپتال کے پریمسز پر قبضے جمانے والی نام نہاد فلاحی تنظیموں کا ہولڈ ختم کروانے کا مطالبہ۔ شہریوں نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ سرکاری ہسپتالوں میں بعض ایسے افراد قابض ہو چکے ہیں جو شہریوں کو حیلے بہانے لوٹنے میں ریکارڈ یافتہ ہیں ان افراد کے ہسپتال جیسے پریمسز پر جہاں مجبور مریض افراد مرد و خواتین کا آنا جانا ہوتا ہے قابض رہنا اور بے جا مداخلت کرنا بہت سے مسائل کو جنم دے رہا ہے پرائیویٹ تنظیموں کا سہارا لیکر بظاہر فلاحی سروسز ظاہر کرنے والے عوام کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہیں، اس مقصد کیلیے سرکاری ہسپتالوں میں اپنی ذاتی تشہیر کی فلیکسز لگوا کر سادہ لوح عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔ بدنام زمانہ افراد فری ایمبولنس سروسز ظاہر کرنے کے باوجود عوام سے بھاری رقوم ہتھیا لیتے اور اس کی رسیدات بھی فراہم نہ کرتے ہیں۔

جنرل ہسپتال میں پارکنگ کے سرکاری نرخ آویزاں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل کی ہدایت پر لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ نے شہریوں کی رہنمائی کے لیے مقررہ پارکنگ ریٹس نمایاں جگہوں پر آویزاں کردیئے۔ اس سلسلے میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے بتایا کہ موٹر سائیکل کی پارکنگ 10 روپے، آٹو رکشہ 20 روپے اور کار پارکنگ 30 روپے مقرر کئے گئے ہیں۔ ہسپتال آنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 42)

پی ایس او سمیت آئل کی بڑی کمپنیوں کا اربوں روپے کا فراڈ پکڑا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پی ایس او سمیت آئل کی بڑی کمپنیوں کا اربوں روپے کا فراڈ پکڑلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئل کمپنیوں کی فروخت کے حساب سے کسٹم ڈیوٹی اور پیٹرولیم لیوی جس میں کلائمیٹ لیوی بھی شامل ہے، کی رقم سرکاری خزانے میں جمع نہیں کروائی۔ ایف بی آر نے پیٹرولیم مصنوعات کے اعداد و شمار کے ساتھ کمپنیوں کو نوٹس جاری کر دیے۔ میڈیا کو موصول دستاویزات کے مطابق ایف بی آر نے پاکستان اسٹیٹ آئل پی ایس او سمیت ملک کی 7 بڑی آئل کمپنیوں کو 10 ارب روپے کے قریب رقم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 43)

انجمن آرائیاں ضلع لاہور کے صدر محترم سجاد ربانی سے ان کے دفتر جوہر ٹاؤن لاہور میں ایگزیکٹو باڈی لاہور کی تعارفی ملاقات اجلاس میں لاہور کے حوالے سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

وزیراعظم سے وزیر صحت سید مصطفی کمال کی ملاقات، وزارت بارے تبادلہ خیال، مجموعی سی سی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفی کمال نے ملاقات کی اور وزارت قومی صحت کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر قومی صحت نے وزیراعظم کو وزارت میں جاری منصوبوں اور بیماریوں کی روک تھام کے لئے اٹھائے گئے خصوصی اقدامات پر بریفنگ دی۔ ملاقات میں مجموعی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 44)

چیئرمین پنجاب سروس ٹربیونل کی تعیناتی لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پنجاب سروس ٹربیونل سجاد حسین سندھڑ کی تعیناتی کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست گل شیر منظور ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی جس میں حکومت پنجاب سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سجاد حسین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے وفد کی آصف مسعود سے ملاقات

کلرکس کو درپیش مختلف انتظامی امور اور ترقیوں سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال

وزیر آباد (نامہ نگار) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (APCA) ضلع وزیر آباد کے وفد کی سی ای او ایجوکیشن وزیر آباد آصف مسعود سے ملاقات۔ تفصیلات کے مطابق آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (APCA) ضلع وزیر آباد کے وفد نے گزشتہ روز سی ای او ایجوکیشن وزیر آباد آصف مسعود اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر چوہدری افتخار احمد سے ملاقات کی۔ وفد میں APCA ضلع وزیر آباد کے صدر محمد فاروق، نائب صدر ارسلان یوسف اور جنرل سیکرٹری امانت مسیح شامل تھے۔ ملاقات کے دوران کلرکس کو درپیش مختلف انتظامی امور اور ترقیوں سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی ای او ایجوکیشن آصف مسعود نے کلرکس کی ترقیوں کے عمل کو جلد از جلد مکمل کروانے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر APCA ضلع وزیر آباد کے عہدیداران نے سی ای او ایجوکیشن آصف مسعود کو مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ملازمین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔

کراچی میں یکم اگست کی شام سے 2 اگست تک بارش کا امکان

کراچی (سٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے کراچی میں یکم اگست کی شام سے بارش کی پیشگوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خلیج بنگال میں بننے والے ہوا کے شدید کم دباؤ کی شدت برقرار ہے اور یہ سسٹم ڈیپ ڈپریشن کی صورت میں مدھیہ پردیش میں موجود ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ آئندہ چند گھنٹوں میں یہ سسٹم کمزور ہونا شروع ہوجائے گا، سسٹم ڈپریشن بننے کے 24 سے 36 گھنٹوں بعد ہوا کے کم دباؤ میں تبدیل ہو جائے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب اور خلیج بنگال سے ہوائیں ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہورہی ہے، مغربی ہواوں کا سلسلہ بھی ملک کے شمالی علاقوں پر اثرانداز ہے، سسٹم کے زیر اثر تھرپارکر، عمرکوٹ، مٹھی سانگھڑ اور حیدرآباد میں بارشوں کا امکان ہے، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 35)

اٹارنی جنرل کے گھر پولیس چھاپے کے معاملے پر ایس پی کینٹ کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

معاملے کی انکوائری کیلئے 2 افسران مقرر، واقعے کی جگہ کا جائزہ لیا، رپورٹ سی سی پی او کی پیش کی جائیگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان کے گھر پر پولیس چھاپے کے معاملے پر ایس پی کینٹ کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ پولیس کے مطابق چھاپے کے معاملے پر سی سی پی او نے 2 افسران کو انکوائری افسر مقرر کردیا ہے دونوں افسران نے واقعے کی جگہ کا جائزہ لیا۔ پولیس کے مطابق دونوں افسران انکوائری مکمل کرکے سی سی پی او کو رپورٹ بھجوائیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 32)

شہباز شریف کا شمالی بحیرہ عرب میں پھنسے ماہی گیروں کو بچانے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین

کامیاب ریسکیو آپریشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کے عزم اور ہمہ وقت تیاری کا مظہر ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی بحیرہ عرب میں پھنسے ماہی گیروں کو بچانے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کامیاب ریسکیو آپریشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کے عزم اور ہمہ وقت تیاری کا مظہر ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس تیمور نے کامیاب آپریشن میں سمندر میں پھنسے 19 ماہی گیروں کو بحفاظت ریسکیو کیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

لاہور: سول سوسائٹی کے اراکین اور وکلاء اپنے مطالبات کے حق میں مظاہرہ کر رہے ہیں۔

ڈیرہ اسماعیل خان میں بی ڈی ایس کا کمرہ بارودی مواد سے تباہ، باجوڑ میں پرائمری اسکول اڑا دیا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان (سٹاف رپورٹر) ڈیرہ اسماعیل خان میں بی ڈی ایس کا کمرہ بارودی مواد سے گر گیا، باجوڑ میں گورنمنٹ پرائمری اسکول کو اڑا دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں بی ڈی ایس لے کمرے میں شارٹ سرکٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 36)

سرگودھا میں 18 سالہ طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا میں نجی کالج جانے والی 18 سالہ طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی ہے۔ اہلِ خانہ کے مطابق والد طالبہ کو کالج چھوڑ کر گیا، چھٹی پر لینے پہنچا تو بیٹی غائب تھی جبکہ کالج انتظامیہ نے موقف اپنایا کہ طالبہ چھٹی کے بعد کالج سے جا چکی تھی تاہم تلاش کے باوجود طالبہ کا سراغ نہ مل سکا۔ والد نے کہا کہ نامعلوم افراد بیٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 28)

عمران خان کی بہنیں انسداد دہشتگردی عدالت سے اشتہاری قرار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی بہنوں کو اشتہاری قرار دیدیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں علیمہ خان اور عظمی خان کے خلاف 4 اکتوبر احتجاج کیس کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو اشتہاری قرار دے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 37)

راولپنڈی: شادی شدہ خاتون نے خود کو گولی مار کر خودکشی کرلی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) تھانہ آرے بازار کے علاقے محلہ کشمیریاں اوڑہ میں شادی شدہ خاتون نے مبینہ خودکشی کرلی۔ خاوند کی جانب سے اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی۔ شوہر کے مطابق 4 سال قبل شادی ہوئی تھی، اہلیہ نے باتھ روم میں جاکر خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے فرانزک شواہدا کٹھے ہوئے

قائد ملت پبلک سکول ایک مثالی تعلیمی ادارہ ہے، ایم ایم علی

قائد ملت سکول امیر آباد کی کوالٹی ایجوکیشن متاثر کن ہے۔ صدر اپوا

لاہور (نمائندہ خصوصی) قائد ملت پبلک سکول امیر آباد گلگت بلتستان کے دور افتادہ علاقے کا ایک مثالی تعلیمی ادارہ ہے۔ محدود وسائل کے باوجود اس سکول کی کوالٹی ایجوکیشن سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ سکول کی حوصلہ افزائی کے لیے شان پاکستان ایوارڈ 2026 دینے کا اعلان کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے بانی صدر ایم ایم علی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ قائد ملت پبلک سکول امیر آباد گلگت بلتستان کا ایک مثالی تعلیمی ادارہ ہے یہاں کے اساتذہ کی محنت اور سکول کی معیاری تعلیم کا دل سے معترف ہوں۔ دور دراز اور پسماندہ علاقے میں ہونے کے باوجود اس سکول کا معیار تعلیم انتہائی شاندار اور قابل تقلید ہے۔ اس سکول کی دو طالبات کا عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کر کے گولڈ اور سلور میڈل جیتنا اس سکول کی بہترین پڑھائی، مثالی نظم و نسق اور اساتذہ کی بہترین تربیت اور کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انتہائی دور افتادہ علاقے میں بہترین اور مثالی تعلیمی ادارہ چلانے پر قائد ملت پبلک سکول امیر آباد کے سٹاف کو شاباش دیتا ہوں۔ سیاچن جیسے انتہائی مشکل اور محدود سہولیات کے حامل علاقے میں اتنے بہترین سکول کی موجودگی انتہائی خوش آئند بات ہے۔ میں اس سکول کی اعلی کارکردگی اور بہترین تعلیمی خدمات کا معترف ہوں۔ علاقے میں زبردست تعلیمی خدمات اور کوالٹی ایجوکیشن یقینی بنانے پر سکول پرنسپل گلزار حسین کو شان پاکستان ایوارڈ کے لیے نامزد کرنے کا اعلان کرتا ہوں اور ساتھ ہی عالمی سطح پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی دونوں میڈلسٹ طالبات حرا فرمان اور معصومہ ابراہیم کو بھی شان پاکستان ایوارڈ دینے کا اعلان کرتا ہوں۔ امید ہے کہ سکول پرنسپل ایک بہترین ٹیم لیڈر کی حیثیت سے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور مستقبل میں بھی اس سکول کے طلباء قومی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کے لیے قابل فخر کارنامے انجام دیتے رہیں گے۔

آزاد جموں وکشمیر مسلم لیگ ن کی کامیابی پر مبارکباد، مرزا رحمت اللہ

آزاد کشمیر کے عوام نے جمہوری اقدار، ترقی اور استحکام کے حق میں اپنا فیصلہ دیا ہے

کوپن ہیگن/لاہور (این ایل آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) ڈنمارک کے چیف پیٹرن مرزا رحمت اللہ بیگ نے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی پر پارٹی قیادت، کارکنان اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام نے جمہوری اقدار، ترقی اور استحکام کے حق میں اپنا فیصلہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی عوام کے اعتماد، قائدین کی انتھک محنت اور کارکنوں کی لگن کا ثمر ہے۔ مرزا رحمت اللہ بیگ نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور آزاد کشمیر کو امن، استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن رکھے اور نئی قیادت کو عوام کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے تمام منتخب نمائندوں اور کارکنوں کو ایک بار پھر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیرزادہ کا ٹی ایچ کیو کا دورہ

طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

وزیر آباد (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیرزادہ نے تحصیل ہیڈکوارٹر (THQ) ہسپتال وزیر آباد کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ایمرجنسی، مختلف وارڈز، ادویات کے سٹور اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران سے بریفنگ بھی حاصل کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجے، ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے اور ضروری ادویات کی مسلسل دستیابی برقرار رکھی جائے تاکہ علاج کے لیے آنے والے شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ جواد حسین پیرزادہ نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

اربوں مالیت کے الیکٹرک بس منصوبے کے ٹینڈر شرائط پر نیا تنازعہ سامنے آگیا

عالمی بس ساز کمپنیوں کا سخت شرائط پر تحفظات کا اظہار، پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی نے بیشتر اعتراضات مسترد کردیئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں اربوں روپے مالیت کے الیکٹرک بس منصوبے کی ٹینڈر شرائط پر نیا تنازعہ سامنے آگیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق عالمی بس ساز کمپنیوں بی وائی ڈی، یوٹونگ، کنگ لانگ اور ہائیگر نے ٹینڈر کی سخت شرائط پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ ان شرائط سے مقابلے کا عمل محدود ہونے اور چند کمپنیوں کو فائدہ پہنچنے کا تاثر پیدا ہو رہا ہے۔ کمپنیوں نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹینڈر کی شرائط کو نرم کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ بین الاقوامی کمپنیوں کی شمولیت ممکن ہو سکے۔

ورچوئل اثاثوں کے لین دین اکاؤنٹ میں رقم منتقلی کو دھوکہ دہی قرار نہیں دے سکتے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور ہائیکورٹ نے کرپٹو کرنسی کے ذریعے پی ٹو پی لین دین سے متعلق مقدمے میں ملزمان کی قبل از گرفتاری ضمانتیں منظور کرلیں

ورچوئل اثاثے یا کرپٹو کرنسی پاکستان میں قانونی زرِ مبادلہ نہیں، صرف اس بنیاد پر غیر قانونی یا ممنوعہ قرار نہیں دیا جاسکتا، تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے کرپٹو کرنسی کے ذریعے پی ٹو پی لین دین سے متعلق اہم مقدمے میں ملزمان کی قبل از گرفتاری ضمانتیں منظور کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ صرف یہ حقیقت کہ کسی شخص نے آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے ورچوئل اثاثوں کا لین دین کیا یا اس کے بینک اکاؤنٹ میں رقم منتقل ہوئی اسے ازخود دھوکہ دہی، جعلسازی یا الیکٹرانک فراڈ کا مرتکب قرار نہیں دیا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے 15 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی نے ایک مقدمہ درج کیا جس میں درخواست گزار حماد علی، اسد امجد اور محمد اطہر پر تعزیرات پاکستان کی دفعات 419، 420، 468، 471 اور پیکا ایکٹ 2016 کی دفعات 13 اور 14 کے تحت مقدمہ قائم کیا گیا جس میں الزام تھا کہ وہ پی ٹو پی مرچنٹس کے طور پر کام کرتے ہوئے شکایت کنندہ سے رقوم وصول کرنے والے افراد میں شامل تھے اور ان کے بینک اکاؤنٹس میں مختلف اوقات میں رقوم منتقل کی گئیں۔

لاہور: شہر میں ہونے والی موسلا دھار بارش کا منظر۔

شہر میں ڈاکو سرگرم شہری لاکھوں کی نقدی و زیورات سے محروم

لوئر مال میں تیمور سے 4 لاکھ 35 ہزار، مناواں میں نواب الدین سے 4 لاکھ 15 ہزار روپے، گڑھی شاہو میں مظہر سے 4 لاکھ روپے چھین لیئے گئے

نصیر آباد میں سجوار سے 3 لاکھ 60 ہزار روپے لوٹ لئے گئے، ہربنس پورہ اور کاہنہ سے گاڑیاں جبکہ لٹن روڈ اقبال ٹاؤن اور سندر سے موٹر سائیکلیں چوری

لاہور (کرائم سیل) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق لوئر مال میں تیمور سے 4 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون مناواں میں نواب الدین سے 4 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون گڑھی شاہو میں مظہر سے 4 لاکھ روپے اور موبائل فون نصیر آباد میں سجوار سے 3 لاکھ 60 ہزار روپے اور موبائل فون، نولکھا میں اجمل سے 3 لاکھ 50 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ ہربنس پورہ اور کاہنہ سے گاڑیاں جبکہ لٹن روڈ اقبال ٹاؤن اور سندر سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

سیالکوٹ: کرسچن سٹڈی سنٹر کے زیراہتمام لاہور میں ورکشاپ کے بعد سنیل محبوب، عرفان مفتی، پروفیسر عائزہ، شہزاد فرانس، ناصر نیئر، سہیل اے ڈی، سرفراز محمد اشفاق نذر، شاداور ایڈووکیٹ، تصور گل، صبا رانی، شبانہ رزاق و دیگر کا گروپ فوٹو

قومی اتحاد اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، ارحم ادریس باجوہ

شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی، گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وطن عزیز کو درپیش چیلنجز کے اس نازک دور میں قومی اتحاد یکجہتی اور باہمی ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے پاک افواج ملک کے دفاع، امن، استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مختلف محاذوں پر بے مثال قربانیاں دے رہی ہیں جن پر پوری قوم کو فخر ہے پاکستان بھر کی عوام، سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں، بالخصوص علماء کرام مشائخ عظام، ذاکرین اور محراب و منبر سے امن و محبت کا پیغام عام کرنے والوں سے اپیل کی کہ وہ قومی یکجہتی بھائی چارے اور امن کے فروغ کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ارحم ادریس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 55)

سیالکوٹ؛ حضرت پیر سید مراد علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ شہید اول، قلعہ سیالکوٹ کے عرس مبارک کے موقع پر صاحبزادہ پیر سید اعظم حسین شاہ بخاری، پیر محمد ندیم شاہ بخاری، صاحبزادہ سید فرحان اعظم بخاری، صاحبزادہ سید حیدر علی شاہ بخاری و دیگر گروپ فوٹو

ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے سیالکوٹ میں دو روزہ ورکشاپ

کرسچن سٹڈی سنٹر کے زیراہتمام ثقافتی آگاہی ورکشاپ منعقد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) کرسچن سٹڈی سنٹر کے زیر اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں ثقافتی ورثے کی اہمیت اور تحفظ کے موضوع پر دو روزہ ورکشاپ کا شاندار انعقاد کیا گیا۔ اس اہم ورکشاپ کا بنیادی مقصد معاشرے میں ثقافتی ورثے کی افادیت کو اجاگر کرنا اور اس کے موثر تحفظ کے حوالے سے عوامی سطح پر شعور و آگاہی بیدار کرنا تھا۔ تفصیلات کے مطابق، اس دو روزہ ورکشاپ میں صوبہ پنجاب کے مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ورکشاپ کے دوران کرسچن سٹڈی سنٹر کے سینئر آفیسر سنیل محبوب نے خصوصی خطاب کیا۔ انہوں نے ثقافتی ورثے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 49)

ڈپٹی اٹارنی جنرل کی ایڈووکیٹ جنرل پنجاب سے ملاقات

ایڈووکیٹ جنرل آفس عدالتوں کی آئین، قانون کے مطابق معاونت کریگا، بیرسٹر ظفر اللہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی اٹارنی جنرل راجہ خرم شہزاد نے بیرسٹر ظفر اللہ سے ملاقات کر کے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد اور پھول پیش کیے۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایڈووکیٹ جنرل آفس عدالتوں کی آئین اور قانون کے مطابق معاونت کرے گا۔

مکینک تھریشر مشین کے نیچے آکر جاں بحق، دوسرا زخمی

قمر اور حیدر تھریشر ٹھیک کررہے تھے، جو اچانک چل پڑی، دونوں مشین کے نیچے آگئے

شرقپور شریف (سٹاف رپورٹر) شیخوپورہ کے علاقہ گاؤں علی پور نواں کوٹ میں تھریشر مشین کے نیچے آنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دو مکینک تھریشر مشین ٹھیک کررہے تھے کہ اس دوران مشین چل گئی جس سے مشین کے نیچے آگئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے دونوں کو تھریشر مشین کے نیچے سے نکالا تاہم 20 سالہ قمر مشین کے نیچے آنے سے جاں بحق جبکہ 22 سالہ حیدر زخمی ہوگیا جسے ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

کراچی: ایک کاریگر گھوڑا گاڑی کیلئے پہیے تیار کرنے میں مصروف ہے

بہاولنگر، اوباش شخص کی 10 سالہ معصوم بچی سے مبینہ زیادتی، مقدمہ درج

بہاولنگر (سٹاف رپورٹر) تھانہ سٹی بی ڈویژن بہاولنگر میں اوباش شخص نے دس سالہ بچی کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ پولیس کو دی گئی درخواست میں متاثرہ بچی کی والدہ زرینہ بی بی نے موقف اختیار کیا ہے کہ ان کی بیٹی گزشتہ کئی روز سے خوفزدہ اور پریشان تھی تاہم وہ کسی کو واقعے کی تفصیل نہیں بتا رہی تھی۔ والدہ کے مطابق جب انہیں بچی کے کپڑوں پر خون کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 50)

گرنے والے تین منزلہ مکان میں بچے کی سالگرہ کی تقریب جاری تھی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ہربنس پورہ میں زمین بوس ہونے والے تین منزلہ مکان میں بچے کی سالگرہ کی تقریب جاری تھی۔ بتایا گیا ہے کہ تینوں بھائی ایک ہی گھر کی تین منزلوں پر رہائش پذیر تھے جبکہ ان کی بہن بھی بچوں کے ہمراہ رہنے کیلئے آئی ہوئی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ گھر میں ایک بچے کی سالگرہ کی تقریب منعقد کی جارہی تھی کہ اسی دوران چھت گر گئی۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے دوران ستھرا پنجاب ایجنسیز کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید، بورڈ کے دیگر ارکان اور تمام ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب عمر جاوید نے بورڈ کے ارکان کو حاصل کیے گئے اور آئندہ اہداف پر بریفنگ دی۔ ویسٹ کولیکشن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 51)

گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن نظام میں تبدیلی کے بعد سروسز چارجز میں اضافے کا فیصلہ

موٹر سائیکل کے سروس چارجز 1000، گاڑیوں کے سروس چارجز 4000 روپے کرنیکی تجویز

لاہور (سٹاف رپورٹر) گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن کے نظام میں تبدیلی کے بعد سروسز چارجز میں اضافے کا فیصلہ کرلیا۔ فنانس بل کے تحت گاڑی شوروم سے نکلنے سے قبل ہی رجسٹرڈ کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ اس مقصد کے لیے پنجاب بھر کے تمام ڈیلرز کو ڈیلر ڈیمکلو رجسٹریشن سسٹم کا حصہ بنایا جائے گا۔ ایکسائز حکام نے سروس چارجز میں اضافے کا فیصلہ بھی کیا ہے، نئی تجویز کے مطابق موٹر سائیکل کے سروس چارجز 500 روپے سے بڑھا کر 1000 روپے جبکہ گاڑیوں کے سروس چارجز 2000 روپے سے بڑھا کر 4000 روپے کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق پنجاب کی تمام موٹر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 54)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائنز اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور میں کرنٹ لگنے کے حادثات میں 2 افراد جاں بحق، لیسکو چیف کا اظہار افسوس

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے لاہور کے مختلف علاقوں میں کرنٹ لگنے کے دو افسوسناک حادثات پر افسوس کا اظہار کیا ہے، ان حادثات میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق حمزہ ٹاؤن سب ڈویژن کے علاقے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 53)

ہائی سکولوں کے سربراہان کو 6 روز میں 37 ہزار نئے طلبہ لازمی داخل کرنے کا ہدف

سکول سربراہان کو روزانہ 5 طلبہ گھر گھر جا کر سکول لانے کی ہدایت جاری کردی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) موسم گرما کی تعطیلات کے دوران محکمہ تعلیم نے ہائی سکولوں کے سربراہان کو 6 روز میں 37 ہزار نئے طلبہ داخل کرنے کا ہدف دے دیا ہے۔ ڈی ای او سیکنڈری کی جانب سے سکول سربراہان کو روزانہ 5 طلبہ گھر گھر جا کر سکول لانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ہائی سکولوں میں موجودہ انرولمنٹ 3 لاکھ 93 ہزار ہے، جبکہ اسے بڑھا کر 4 لاکھ 30 ہزار کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جسے 4 اگست تک مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ محکمہ تعلیم نے واضح کیا ہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 52)

الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کردی، نوٹی فکیشنز جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کرتے ہوئے اس حوالے سے نوٹی فکیشنز جاری کردیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان کا سیاسی جماعتوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران ای سی پی نے 4 مزید سیاسی جماعتوں کو ڈی لسٹ کردیا ہے، فیصلے کی تفصیلات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 60)

راولپنڈی، پولیس اہلکار کا اپنی ضعیف والدہ پر بہیمانہ تشدد؛ تھپڑوں کی بارش، کپڑے پھاڑ ڈالے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) خون سفید ہونے کا محاورہ راولپنڈی میں حقیقت بن گیا، پولیس اہلکار بیٹے نے اپنی ضعیف والدہ پر تھپڑوں کی بارش کردی، چہرہ نوچ ڈالا اور کپڑے پھاڑ دیے۔ پولیس کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے جڑواں شہر راولپنڈی کے تھانہ سول لائن کے علاقے جھنڈا چیچی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں راولپنڈی پولیس میں تعینات پولیس اہلکار نے اپنی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 61)

ایک غزل

مدت کے بعد دیکھ کے افسوس سا ہوا عالی جناب... آپ کا معیار۔۔کیا ہوا؟ درباریوں کو جیب سے... دعوت کا اہتمام؟ جس کو میں جانتی تھی... وہ کیسے فنا ہوا؟ کیوں کھودیا وقار.... وہ فیضان آگہی؟ اہل قلم کا دبدبہ آخر ہوا۔۔ہوا؟ چہرے پہ اب شکستگی ہونے لگی عیاں پردیس میں بتاؤ تو کیا حادثہ ہوا؟ ثابت ہوا کہ صائمہ سب کچھ تھا کاغذ پہ لکھا ہوا، سنا ہوا، اس کا کہا ہوا صائمہ کامران

حضرت پیر سید مراد علی شاہ شہید کا عرس عقیدت سے جاری

قلعہ سیالکوٹ میں عرس مبارک کی روح پرور محافل سجی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) عرس مبارک حضرت پیر سید مراد علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ شہید اول، قلعہ سیالکوٹ نہایت عقیدت، محبت اور روحانی ماحول میں منایا جا رہا ہے۔ یہ بابرکت عرس مبارک حضرت سیدنا امام علی الحق رحمۃ اللہ علیہ شہید فاتح سیالکوٹ کے درگاہ عالیہ کے سجادہ نشین اور حضرت پیر سید بابا محمد سائیں شفیع شاہ سرکار بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادگان کے روحانی سلسلے کی سرپرستی میں منعقد ہو رہا ہے۔ اور بالخصوص انتظامات کو آگے بڑھانے میں مدد کرنے والے خلیفہ اول اور دربار حضرت پیر سید مراد علی شاہ کے خاص عقیدت مند و خلیفہ اول خواجہ قیصر حمید چشتی بھی اس ذکر و محفل میں شریک تھے۔ اس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 57)

"اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام کے تحت سرگودھا میں زرعی اراضی کے الاٹمنٹ سرٹیفکیٹس

542 کاشتکار 10 سال کے لیے 5 ایکڑ تک زرعی زمین اور فی ایکڑ 50 ہزار روپے کی ڈویلپمنٹ گرانٹ حاصل کرسکیں گے

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب کے "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام کے تحت سرگودھا میں زرعی اراضی کے الاٹمنٹ سرٹیفکیٹس حاصل کرنے والے 542 کاشتکار 10 سال کے لیے 5 ایکڑ تک زرعی زمین اور فی ایکڑ 50 ہزار روپے کی ڈویلپمنٹ گرانٹ حاصل کرسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید نیز وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام کے تحت 542 کاشتکاروں میں سرکاری زرعی اراضی کے الاٹمنٹ سرٹیفکیٹس تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کا "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام کا مقصد بے زمین کسانوں کو سرکاری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

محنت سے بحال کیا معاشی استحکام کسی صورت متاثر نہیں ہونے دیں گے، احسن اقبال

حکومت نے نئے مالی سال کے لیے برآمدات، سرمایہ کاری، روزگار، جدید ٹیکنالوجی اور انسانی وسائل کی ترقی پر مبنی اقتصادی روڈ میپ پیش کردیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے وزارت منصوبہ بندی کی "ماہانہ ترقیاتی رپورٹ جولائی 2026" جاری کرتے ہوئے نئے مالی سال 2026-27 کے معاشی اہداف، قومی ترقیاتی ترجیحات اور حکومتی حکمتِ عملی کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔ اس موقع پر میڈیا بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 59)

لاہور: محنت کش نوجوان ٹرک سے ایل پی جی گیس سلنڈر اتار رہا ہے۔

بقیہ جات 1

توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور گیس کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق قطر انرجی کا ایل این جی بردار جہاز آبنائے ہرمز سے بحفاظت گزرنے کے بعد 31 جولائی کو پاکستانی پانیوں میں داخل ہوگیا، جسے موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں پاکستان کے توانائی تحفظ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ یہ کارگو پاکستان اور قطر کے درمیان حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) طویل مدتی معاہدے کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ معاہدے کے مطابق اس کارگو کی قیمت برینٹ کروڈ کے 13.37 فیصد کے مساوی مقرر کی گئی ہے، جو عالمی اسپاٹ مارکیٹ میں دستیاب ایل این جی کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے۔

بقیہ جات 2

علاقے درابن میں شاہ عالم موڑ پر پیش آیا جہاں پولیس وین پر فائرنگ کی گئی۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا کہ فائرنگ میں اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید ہوگئے جبکہ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزمان فرار ہوگئے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق پولیس نفری دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کے لیے جا رہی تھی کہ مسلح افراد نے حملہ کر دیا۔

بقیہ جات 3

مراحل میں عمل کیا جائے گا اور جیسے جیسے یہ عمل آگے بڑھے گا، اسرائیلی فوج غزہ سے واپس ہٹتی جائے گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ آج بورڈ آف پیس نے غزہ میں حماس اور دیگر تمام مسلح گروپوں کی مکمل غیر مسلح کی کے حوالے سے ایک تاریخی معاہدہ طے کرلیا ہے۔ یہ دیرپا امن اور سلامتی کے قیام کی جانب ایک غیر معمولی پیش رفت ہے۔ یہ معاہدہ اس سمت میں ایک اہم قدم ہے کہ غزہ کا انتظام بالآخر ایک نئی فلسطینی حکومت کے سپرد کیا جائے، جو فلسطینی عوام کی مدد کے لیے بورڈ آف پیس کے ساتھ قریبی تعاون کرے گی۔ حماس کے مذاکراتی وفد کے رکن غازی حمد نے کہا ہے کہ اگر اسرائیلی قابض افواج نے معاہدے کے تحت اپنی ذمے داریاں پوری نہ کیں تو حماس بھی غزہ امن معاہدے کے کسی مرحلے پر عمل درآمد نہیں کرے گی۔ عرب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے غازی حمد نے کہا کہ یہ مذاکرات نہایت مشکل اور پیچیدہ تھے، تاہم ہم نے ایسی بہترین قابل عمل صورت تک پہنچنے کی کوشش کی جو تمام فریقوں کے لیے قابل قبول ہو۔ غازی حمد نے واضح کیا کہ غزہ سے متعلق معاہدہ مرحلہ وار ہے اور اس پر مختلف مراحل میں عمل درآمد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں فریقوں کی جانب سے معاہدے کے متن کی منظوری کے بعد اسرائیل کو پہلے مرحلے پر عمل درآمد شروع کرنا ہوگا، جبکہ اسرائیل کو غزہ سے اپنی تمام افواج بھی واپس بلانا ہوں گی۔

بقیہ جات 4

ہدایات جاری کیں کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تمام اداروں میں یکساں طور پر نفاذ یقینی بنایا جائے۔ ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے۔ اوگرا کے استعداد اضافے کے لیے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں۔ اوگرا کی تنظیم نو کرکے ہر شعبے اور منصب کے لیے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اوگرا کی اصلاحات و تنظیم نو کے لیے حکومت ہر قسم کے پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرے گی۔ حکومت عوام کی ایک ایک پائی کا تحفظ کرے گی، کسی کو عوام کے استحصال اور سسٹم میں مداخلت کی اجازت نہیں دیں گے۔ تمام ریگولیٹری اداروں کا اپنے متعلقہ وزارتوں سے باضابطہ رابطہ قائم کرنے کے لیے ضروری اقدامات لیے جائیں۔ منظور شدہ پالیسی کے تحت ملک میں قائم آئل ریفائنریوں کی اپگریڈیشن پر کام تیز کیا جائے۔ اجلاس میں چیئرمین اوگرا نے ادارے کی موجودہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور جامع اصلاحاتی پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اوگرا نے تیل کی سپلائی چین کو بندرگاہ سے پٹرول پمپ تک ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنے کے لیے اہم پیش رفت کی ہے۔ قومی مانیٹرنگ ڈیش بورڈ، ٹینکر ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم، ڈپو۔ ٹینک ٹیلی میٹری، رائگو موبائل ایپ، پٹرول پمپس پر ڈیجیٹل سیلز انٹری سسٹم اور مرکزی مانیٹرنگ سیل جیسے متعدد ڈیجیٹل نظام فعال کیے جاچکے ہیں، جن کے ذریعے پٹرولیم مصنوعات کی نقل و حرکت، ذخائر اور فروخت کی موثر نگرانی ممکن بنائی جا رہی ہے۔ وزیراعظم کو آگاہ کیا گیا کہ جولائی 2026 کے دوران ڈیٹا پر مبنی خصوصی مہم کے نتیجے میں ذخیرہ اندوزی، سپلائی میں غیر ضروری رکاوٹوں اور دیگر خلاف ورزیوں کے متعدد واقعات کی نشاندہی کی گئی، جن پر شوکاز نوٹس، وضاحت طلبی اور دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اجلاس میں اوگرا کے جامع اصلاحاتی پروگرام پر بھی بریفنگ دی گئی، جس میں ادارے کی ڈیجیٹلائزیشن، انفورسمنٹ نظام کی ازسر نو تشکیل، کمپلائنس ونگ کے قیام، لائسنسنگ نظام میں اصلاحات، قانونی امور کے موثر انتظام، مالی وسائل کی مضبوطی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کی تنظیم نو شامل ہے۔

بقیہ جات 5

اتھارٹی کو تکنیکی اور انتظامی لحاظ سے مکمل بااختیار بنایا جائے گا۔ دوران اجلاس بتایا گیا کہ صاف پانی اتھارٹی کو جدید ٹیکنالوجی، ہیومن ریسورس، ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے گی، صاف پانی اتھارٹی کے تمام ٹرکوں اور پلانٹس کی مانیٹرنگ ہوگی، علاقائی ضرورت کے مطابق آر او پلانٹس اور جدید فلٹریشن ٹیکنالوجی نصب کی جائے گی، صوبے میں فلٹریشن پلانٹس اور آر او پلانٹس پر پلانٹ آئی ڈی، آپریٹر کا نام، فون نمبر اور اوقات کار درج کیے جائیں گے۔ اجلاس میں پنجاب بھر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے انٹرنیشنل کنسلٹینسی کی خدمات حاصل کرنے پر اتفاق کیا گیا، فیصلہ کیا گیا کہ صاف پانی کی فراہمی کیلئے جدید ترین جاپانی اور چینی ٹیکنالوجی متعارف کرائی جائے گی۔ پنجاب بھر میں شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات تیز کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ دور دراز علاقوں کیلئے موبائل بوٹلنگ پلانٹس کے ذریعے صاف پانی کی فراہمی کا آغاز کیا گیا ہے

بقیہ جات 6

جبکہ 2084 دہشت گرد مارے گئے۔ بلوچستان میں 31ہزار 80 اور خیبر پختونخوا میں 7ہزار 177 آپریشن کیے گئے، 2ہزار 84 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، 2023 میں شہدا کی تعداد زیادہ تھی دہشت گرد کم مارے جا رہے تھے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے بتایا کہ پاکستان کے دیگر علاقوں میں صرف 2ہزار 91 آپریشن کیے گئے، 2026 میں بم دھماکوں کے 28 واقعات ہوئے، بم دھماکوں میں زیادہ تر افغان شہری ملوث تھے، دہشت گرد ریاست کے سامنے جھکیں ورنہ بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جان بوجھ کر منفی پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، پاکستان میں آئین اور قوانین سب کے لیے یکساں ہیں، ریاست سے وفاداری ہر شہری کا حق ہے، پاکستان ہی ہماری آخری پہچان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے واقعات میں 322 پاکستانی شہری شہید ہوئے، دہشت گردوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں، دہشت گردوں کو ہتھیار ڈالنے ہوں گے یا ہم انہیں ختم کردیں گے، دہشت گردوں کو اب سمجھ آگیا ہے ان سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ کچھ جماعتوں کی جانب سے حقوق کی بات کی جاتی ہے لیکن کیا اپنے فرائض سے آگاہ ہیں؟ ملک کے دشمنوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں، ہارڈ اسٹیٹ وہ ہے جہاں تمام معاملات آئین وقانون کے مطابق ہوں، ریاست ہے تو شہری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل پانچ کہتا ہے کہ وفاداری صرف ریاست سے ہوگی، ریاست ہے تو سیاست ہے، ریاست ہے تو جان ہے، ریاست ہے تو نام ہے، بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں مخصوص عناصر شامل ہیں، افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں کا ایک قبیلہ ہے جس میں اسٹیٹس کو ہے، یہ اسٹیٹس کو یہ ہے کہ غریب کا بچہ پڑھے نہیں ہمیشہ ان کا غلام رہے۔ پاک فوج کے ترجمان نے کہا کہ معرکہ حق میں دشمن کی حکمت عملی ناکام ہونے پر بلوچستان پر نظریں جمائی گئیں، مزدوروں کو قتل کیا جاتا ہے کہ بلوچستان میں ترقی نہ آسکے، یہ کہتے ہیں جو ہزار ارب سے زائد بجٹ ملتا ہے اس میں حصہ دو، سردار چاہتے ہیں سو ارب کے بجٹ میں حصہ ملے لیکن نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سردار کہتے ہیں ہمیں حصہ نہیں دو گے تو دہشت گردی کرائیں گے، کئی سردار دہشت گردی میں براہ راست ملوث ہیں، یہ لوگ لیویز فورس کو اپنی سرداری فورس سمجھتے ہیں، ان کو لیویز فورس کی تنخواہیں چاہئیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ سرداروں کو عادت ہے لیویز میری ذاتی فورس ہے میں اس کا سردار ہوں، انہیں کاروبار کے نام پر اسمگلنگ کرنے کی عادت ہے، افغانستان اور بھارت کے درمیان بی ایل اے کے علاوہ اور کیا چیز مشترکہ ہے؟ بھارت اور افغانستان دہشت گردی کراتے ہیں، کاروبار کے نام پر منشیات اور ڈیزل سمگل کیا جاتا ہے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کی معاونت کررہی ہے اور بھارتی میڈیا ان عناصر کو غیر ضروری طور پر نمایاں کرتا ہے، دہشت گرد معصوم بچوں اور بچیوں کو بھی نشانہ بناتے ہیں، خواتین کو ہنی ٹریپ کے ذریعے استعمال کیا جاتا ہے، اور بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں مخصوص عناصر ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا بنیادی مسئلہ وہاں کا سرداری اور ایلیٹ نظام ہے، جبکہ ایک مخصوص 'اسٹیٹس کو' عوام، خصوصاً غریب طبقے کو تعلیم اور ترقی سے محروم رکھنا چاہتا ہے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کے ثبوت دکھا دیے ڈی جی آئی ایس پی آر نے بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے ثبوت میڈیا کو دکھا دیے اور شہدا پولیس کو پاک فوج اور صحافیوں کا خراج عقیدت پیش کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں جاری انسداد دہشت گردی آپریشنز کے ذریعے 'فتنۃ الہندوستان' کو موثر انداز میں نشانہ بنایا جارہا ہے، ان کے مطابق دہشت گردی سے متاثرہ عام شہریوں کے دکھ درد، دہشت گردوں سے لاتعلقی اختیار کرنے والے خاندانوں کے بیانات اور غیور بلوچ عوام کی وطن سے محبت کے اظہار کو بھی میڈیا کے سامنے پیش کیا گیا۔ ترجمان نے الزام عائد کیا کہ بھارتی گودی میڈیا فیک نیوز پر مبنی پروپیگنڈے کے لیے مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو مذموم مقاصد کے تحت استعمال کر رہا ہے، اگر دہشت گرد عوام کو تکلیف پہنچائیں گے تو ریاست بھی ان کے خلاف بھرپور اور سخت کارروائی کرے گی، جبکہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو سخت انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے مزید دعویٰ کرتے ہوئے کہا تھا کہ 'فتنۃ الہندوستان' سے وابستہ دہشت گرد خواتین کو ہنی ٹریپ کے ذریعے بی ایل اے میں شامل کرتے ہیں، اور یہ بھی کہا کہ 'فتنۃ الخوارج' اور 'فتنۃ الہندوستان' کے بھارتی سرپرست موجود ہیں، بلوچستان میں پولیس اور لیویز کے خلاف 105 واقعات بھی پیش آئے ہیں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی استعداد کار میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے اور صوبے کی پولیس دہشت گرد عناصر سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، رواں سال اب تک 18 ارب روپے مالیت کی منشیات ضبط کی جاچکی ہیں جب کہ 4 ہزار 500 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کہ حکومت کا مقصد بلوچستان کے عوام، خصوصاً نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہے کیونکہ صوبے کی سب سے بڑی طاقت اس کے نوجوان ہیں، ان کے مطابق بعض سردار نہیں چاہتے کہ نوجوان تعلیم، لیپ ٹاپ اور ٹیکنالوجی کی طرف آئیں بلکہ وہ انہیں اسلحہ اٹھانے کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ بلوچستان میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے زیر تعمیر ہیں، پانی کے نئے ذخائر اور نہریں بنائی جارہی ہیں جبکہ صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبوں کے لیے بھی خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں، شاہراہوں کے منصوبوں سے علاقے میں ترقی اور خوشحالی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور افغان طالبان کا ڈی این اے ایک ہے، بھارت آقا ہے اور افغان طالبان اس کے غلام ہیں، افغان طالبان دہشت گردی کو بطور کاروبار استعمال کررہے ہیں اور عام افغان شہری موجودہ طالبان حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں۔ افغان طالبان حکومت کا طرز عمل اسلامی تعلیمات کے مطابق نہیں اور وہ فتوے دے کر مسلمانوں کو قتل کرتے ہیں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے دعویٰ کیا کہ افغان طالبان حکومت کا بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور آر ایس ایس سے تعلق اور نظریاتی مماثلت ہے جب کہ فتنۃ الہندوستان اور فتنۃ الخوارج کے سرپرست آر ایس ایس اور بیت اللہ ہیں، انہوں نے افغان وزیر سے متعلق سوال پر کہا کہ 'یہ اپنے باپ بھارت کو رپورٹیں دینے جاتے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ محسن نقوی کے بعض بیانات سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ وہ وزیر داخلہ کی ذاتی رائے ہے اور اس پر فوج تبصرہ نہیں کرے گی، پاکستان کی قومی سلامتی کے لیے گڈ گورننس ناگزیر ہے، نیشنل ایکشن پلان کے 14 نکات پر تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق تھا، جن میں سے 13 کا تعلق اچھی حکمرانی سے ہے، تاہم ان پر موثر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث مسائل برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے جبکہ انتظامی ڈھانچہ وہی ہے، اس لیے نئے تقاضوں کے مطابق سوچنا ہوگا، مسئلہ کشمیر پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا، پاکستان سے آج بھی 'کشمیر بنے گا پاکستان' کی آواز بلند ہوتی ہے، جبکہ کشمیری عوام بھی پاکستان سے اپنی وابستگی کا اظہار کرتے ہیں، 'پاکستان کا سب سے لاڈلا بچہ کشمیر ہے'۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی قومی سلامتی، گڈ گورننس اور عوامی فلاح ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اس لیے بدلتے ہوئے حالات کے مطابق انتظامی ڈھانچے اور حکمرانی کے نظام پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان کی سکیورٹی کے لیے گڈ گورننس انتہائی اہم ہے اور اچھی حکمرانی کے بغیر مسائل کا موثر حل ممکن نہیں، 1972 میں پاکستان کی آبادی سات سے آٹھ کروڑ تھی جب کہ آج یہ تقریباً 25 کروڑ ہوچکی ہے، اس لیے عوامی ضروریات بھی تبدیل ہوچکی ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ اگر بہتر حکمرانی کے لیے انتظامی ری سیٹ کی ضرورت ہے تو اس پر غور ہونا چاہیے، تاہم چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام یا دیگر انتظامی فیصلوں کا اختیار عوام کے پاس ہے۔

بقیہ جات 7

کے باہر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کو اسپتال منتقل کیا گیا تھا انہیں منگل کی شب آنکھ کے چیک اپ کے لیے اسپتال لایا گیا پھر اڈیالہ واپس لے گئے، مجھے بھی اسپتال منتقل کیے جانے کے بعد اطلاع دی گئی تھی محسن نقوی اور بلاول بھٹو زرداری سے کسی قسم کا کوئی رابطہ نہیں ہوا، عوام کو بتایا جانا چاہیے کہ اس سسٹم کو ڈیفالٹ موڈ پر کون لے کر گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب سے ملک نئے پاکستان سے پرانے پاکستان کی طرف گیا تباہی شروع ہوگئی، عدلیہ تباہ ہوگئی معاشی خرابی پیدا ہوئی اور عوام کا نظام پر اعتماد اٹھ گیا، ایسا سمجھا جائے کہ ملک میں ہر طرف آگ لگ گئی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترامیم کے بعد 90 مزید ججز کو تعینات کیا گیا پورے پاکستان میں 26 ویں آئینی ترمیم سے قبل 98 ججز تھے، اتنے ججز تعینات کرکے پھر بھی آپ انصاف فراہم کرنے میں ناکام رہے، عدلیہ پر اعتماد اٹھ چکا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ اب انتظامی یونٹس کی طرف جارہے ہیں آپ نئے صوبے کی طرف جا رہے ہیں اور سوچ رہے ہیں کہ کسی طرح پی ٹی آئی کو کمزور کیا جائے مگر عمران خان کی پورے ملک میں 90 فیصد سے زائد حمایت کی جاتی ہے آپ ملک میں سو صوبے بھی بنائیں ملک میں ہر طرف پی ٹی آئی ہی جیتے گی۔ انہوں نے کہا کہ یونٹ اور صوبے یہ دو موجودہ حکمران جماعتیں نہیں کرنے دیں گی، سندھ اور پنجاب میں ان دو جماعتوں کا قبضہ ہے، ان حکمرانوں کے پاس کسی بھی آئینی ترمیم کرنے کا کوئی مینڈیٹ نہیں ہے، اتفاق رائے کے بغیر ترامیم کرنا درست نہیں ہے۔

بقیہ جات 8

کرکے 11 کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ سرکاری حکام کے مطابق پاکستان کا تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ موثر مسابقت کے ساتھ ڈی ریگولیشن سے صارفین کو نمایاں فوائد حاصل ہوسکتے ہیں، ہائی آکٹین بلینڈ کمپونینٹ کی قیمتیں پہلے ہی ڈی ریگولیٹڈ ہیں، جس کے باعث آئل مارکیٹنگ کمپنیاں قیمتوں میں مقابلہ کرتی ہیں اور صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرتی ہیں۔ اسی طرح ٹیلی کام سیکٹر میں بھی لبرلائزیشن کے بعد سخت سرکاری قیمتوں کے نظام کی جگہ مسابقت نے لے لی، جس کے نتیجے میں نرخ کم ہوئے، خدمات بہتر ہوئیں اور جدت کو فروغ ملا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اگر حکومت اپنا کردار مناسب ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی وصول کرنے تک محدود رکھے اور قیمتوں کا تعین مسابقتی مارکیٹ پر چھوڑ دے تو صارفین کو کم قیمت، بہتر سروس اور زیادہ انتخاب کے مواقع میسر آئیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کے لیے قائم کمیٹی کا پانچواں اجلاس وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں کنٹرولڈ نظام سے ڈی ریگولیٹڈ قیمتوں کے نظام کی جانب مرحلہ وار منتقلی پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ جات 9

نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ اس حوالے سے صوبائی وزیر مائنز اینڈ منرلز شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ ریسکیو ٹیمیں انتہائی دشوار حالات کے باوجود آپریشن مسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں، متاثرہ کان میں پھنسے دیگر مزدوروں تک رسائی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ افسوسناک واقعہ میں جاں بحق کان کنوں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جاں بحق مزدوروں کے لواحقین کو فی کس 5 لاکھ روپے اور زخمیوں کو فی کس 3 لاکھ روپے معاوضہ ادا کیا جائے گا حادثے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جائیں گی۔ قبل ازیں کوئلہ کان کے مالک نے میڈیا کو بتایا تھا کہ کان میں میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا، دھماکے کے وقت 42 مزدور تھے، کان میں پھنسے تمام مزدوروں کا تعلق خیبر پختونخوا کے علاقے شانگلہ سے ہے۔ قبل ازیں چیف مائنز انسپکٹر عبدالغنی نے بتایا کہ کوئلہ کان سے اب تک 32 کان کنوں کی لاشیں نکالی گئی ہیں، کان بیٹھنے کے باعث وہاں کام کرنے والے 34 کان کن پھنس گئے تھے، دھماکے کے بعد کان کا بڑا حصہ بیٹھ گیا تھا۔

بقیہ جات 10

کہا کہ محکمہ سیاحت کی ٹیم لوجسٹک سپورٹ فراہم کررہی ہے، 2 لاپتہ کوہ پیماؤں کی لاشیں مل گئی ہیں۔

بقیہ جات 11

الخوارج پر اثر و رسوخ قائم کرکے اسے پاکستان کیخلاف استعمال کرتا ہے۔ مسعود اندرابی نے کہا کہ افغانستان میں دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں پر پاکستان کی بمباری بھارت کیلئے ایک واضح پیغام ہے

بقیہ جات 12

مستحکم رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران اوسط مہنگائی کی شرح 1.7 فیصد ریکارڈ کی گئی، تاہم جون 2026 میں افراط زر بڑھ کر 1.11 فیصد تک پہنچ گیا، جو مئی میں 7.11 فیصد تھا۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ عالمی توانائی منڈی میں غیر یقینی صورتحال، خام تیل کی بلند قیمتیں اور علاقائی کشیدگی آئندہ مہینوں میں ملکی معیشت اور مہنگائی کے لیے بڑے چیلنجز ثابت ہوسکتے ہیں۔ دستاویز کے مطابق مالی سال 2025-26 میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں 9.33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ ملکی برآمدات 6.4 فیصد کمی کے بعد 8.30 ارب ڈالر رہیں۔ اس کے برعکس بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر 6.41 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 6.8 فیصد زیادہ ہیں اور بیرونی کھاتوں کے استحکام میں اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق 17 جولائی تک پاکستان کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 7.22 ارب ڈالر رہے، جبکہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذخائر 3.17 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جو بیرونی شعبے کے لیے مثبت پیش رفت قرار دی گئی ہے۔

بقیہ جات 13

ملک خصوصاً دونوں صوبوں میں سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال اور حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ نے تاجر برادری کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ حکومت تاجروں اور صنعت کاروں کے مسائل کے حل اور ان کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ جلد ہی پشاور اور کوئٹہ کا دورہ کروں گا، جہاں متعلقہ صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ حکام اور نمائندوں کی موجودگی میں آپ سے تفصیلی ملاقاتیں کی جائیں گی تاکہ درپیش مسائل کا مستقل اور عملی حل نکالا جا سکے۔ محسن نقوی نے کہا کہ کاروباری برادری کو محفوظ اور سازگار کاروباری ماحول کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ ملکی معیشت کے استحکام کے لیے نجی شعبے کے کردار کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ کاروباری برادری کی ترقی میں ہی پاکستان کی ترقی پنہاں ہے، پوری حکومت آپ کے ساتھ ہے اور ہم آپ کے تمام جائز مسائل حل کریں گے۔

بقیہ جات 14

نے ہدایت کی کہ کان میں پھنسے تمام مزدوروں تک جلد از جلد رسائی کو یقینی بنایا جائے اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ صدر مملکت نے اس امر پر زور دیا کہ کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں کے تحفظ کے لیے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کی تعمیر و ترقی میں محنت کش طبقے کا کردار قابل قدر ہے اور ان کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلے کی کان میں پیش آنے والے المناک حادثہ میں مزدوروں کی اموات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ جات 15

عامر محمود نے تمام مسائل کی نشاندہی کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈمنسٹریٹو یونٹس نہ بنانا اصل مسئلہ ہے، آئین کا آرٹیکل ون کہتا ہے کہ نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے جا سکتے ہیں، یہی بنیادی مسائل کا حل ہے۔ احسن بھون نے کہا کہ ایک پارٹی حکومت میں آتی ہے تو دوسری پارٹیوں کے حقوق کو بھول جاتی ہے، سیاست دانوں کو اختلاف رائے سننے کی ہمت پیدا کرنی چاہیے، تمام سیاسی جماعتیں اتفاق رائے سے صوبوں کے مطالبات کو دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن پاکستان میں عدم استحکام پھیلانا چاہتا ہے، ہماری فورسز ملک کی خاطر جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں، پاک بھارت جنگ میں اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو سرخرو کیا، فیلڈ مارشل اور محسن نقوی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ احسن بھون نے کہا کہ میاں عامر محمود نے بہت اچھے طریقے سے مسائل کی نشاندہی کی ہے، حکومت کو ان مسائل کو دیکھنا ہوگا، ہم سب کو مل کر عوام کی بہتری کے لیے کام کرنا ہوگا

بقیہ جات 16

کہ آئی ایف آر پی کے تحت تقریباً 89 ہزار افغان شہریوں کے کیسز پر کارروائی جاری ہے۔ طاہر اندرابی نے بتایا کہ انسانی بنیادوں پر 16 ہزار کے قریب خواتین، بچوں اور بزرگ افغان شہریوں کے پاکستان میں قیام میں توسیع دی جا رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ چترال کے قریب سرحدی علاقوں میں پیش آئے واقعے سے متعلق کوئی مصدقہ معلومات نہیں، افغانستان سے آنے والی اطلاعات کی زمینی سطح پر تصدیق ضروری ہے، غیر مصدقہ رپورٹس پر تبصرہ مناسب نہیں۔

بقیہ جات 17

معاون میڈیا امور برائے وزیر داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق تربت سے ملنے والی 6 لاشیں مغوی مزدوروں کی ہیں، شہید 6 مزدوروں میں سے 4 کا تعلق پنجاب اور 2 کا خیبر پختونخوا سے ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے 2 روز قبل 7 مزدوروں کو کیچ کے علاقے کلاتک سے اغوا کرلیا تھا، مغوی مزدوروں میں سے ایک کو اغوا کے فوری بعد فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ نامعلوم مسلح افراد دیگر 6 مزدوروں کو ساتھ لے گئے تھے جن کی لاشیں تربت میں ناصر آباد سے ملیں ہیں۔

بقیہ جات 18

نے کہا کہ بچیوں نے 40 ہفتوں کی ٹریننگ مکمل کی۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں پر یقین کرنے والے والدین قابل تحسین ہیں، خواتین تمام اداروں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں، پنجاب میں خواتین بااختیار بن رہی ہیں، یہ میرے لیے فخر کا مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وردی پہننا آسان نہیں، فرائض کا احساس لازمی ہے، پنجاب میں بچیاں سکوٹی سہولت سے مستفید ہورہی ہیں، خواتین آج بآسانی ٹیکسی چلا کر روزگار کمارہی ہیں، خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں، پنجاب آج ہر شعبے میں سبقت لے گیا ہے، پنجاب جس طرح چل رہا ہے اس کی مثال پوری دنیا دے رہی ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے، پنجاب خواتین کیلئے محفوظ صوبہ ہے، کرائم ریٹ کم ہو گیا ہے، ہمیں پنجاب کے گلی محلوں کو بیٹیوں کیلئے محفوظ بنانا ہے، پنجاب کو خواتین کیلئے محفوظ بنانا اولین ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ آئی جی پنجاب سے درخواست ہے خواتین کی بھرتی کا عمل مزید آسان بنایا جائے، میں پولیس سے براہ راست رابطہ رکھتی ہوں، دفتر کے ذریعے نہیں، ٹیکنالوجی میں بڑی سرمایہ کاری کی گئی ہے جو مستقبل میں کارآمد ثابت ہوگی۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹریننگ کالج چوہنگ میں لیڈی پولیس افسروں کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے پریڈ دیکھنے کیلئے آئے شہریوں کی طرف دیکھ کر ہاتھ ہلایا، پاس آؤٹ ہونے والی لیڈی پولیس افسروں نے پریڈ میں صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

بقیہ جات 19

ہے کہ عوام نے جمہوری نظام پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا۔ انتخابات کے انعقاد سے قبل یہ تاثر دیا جار ہا تھا کہ عوام ووٹ ڈالنے کے لیے نہیں نکلیں گے، ٹرن آؤٹ انتہائی کم ہوگا اور انتخابی عمل ناکام ہوجائے گا، مگر تمام خدشے غلط ثابت ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں انتخابات کا کامیاب انعقاد بذات خود ایک بڑی کامیابی ہے جس کا کریڈٹ صرف کسی ایک جماعت کو نہیں بلکہ الیکشن کمیشن، قانون نافذ کرنے والے اداروں، آزاد کشمیر حکومت، چیف سیکریٹری، آئی جی پولیس، دیگر ریاستی اداروں، قائم مقام صدر اور وزیراعظم آزاد کشمیر سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلاف اپنی جگہ ہیں لیکن بے بنیاد الزامات لگانے سے ان تمام اداروں کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے جنہوں نے انتخابات کے انعقاد کے لیے دن رات محنت کی۔ اس طرح کے بیانات سے بیرونی دنیا اور پاکستان کے مخالفین کو بھی غلط پیغام جاتا ہے۔ امیر مقام نے سوال اٹھایا کہ اگر دھاندلی ہوئی تو آخر کس نے کی؟ آزاد کشمیر میں حکومت، چیف الیکشن کمشنر، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایس پیز اور دیگر انتظامی افسران سب آزاد کشمیر حکومت کے ماتحت ہیں۔ پھر یہ کہنا کہ مسلم لیگ (ن) نے دھاندلی کی کسی صورت منطقی بات نہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کوئی نئی بات نہیں، 2016 کے انتخابات میں بھی پارٹی نے کلین سویپ کیا تھا۔ جن حلقوں پر اعتراضات کیے جارہے ہیں، اگر ان کا موازنہ 2021 کے انتخابات سے کیا جائے تو حقیقت خود سامنے آجائے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرپور کے بعد مظفرآباد اور پونچھ ڈویژن میں بھی مسلم لیگ (ن) بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی اور آئندہ حکومت بنائے گی۔ آزاد کشمیر کے آئندہ وزیراعظم سے متعلق فیصلہ سابق وزیراعظم نواز شریف کریں گے۔

بقیہ جات 20

منفرد ویڈیوز کے ذریعے نہ صرف مقامی بلکہ عالمی ناظرین کو بھی اپنی جانب متوجہ کررہے ہیں۔ گوگل کے مطابق پاکستان کے ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد یوٹیوب چینلز کے 10 ہزار سے زیادہ سبسکرائبرز ہیں، جبکہ 19 ہزار سے زائد چینلز نے ایک لاکھ سبسکرائبرز کا ہندسہ عبور کرلیا ہے۔ اسی طرح ایک ہزار 200 سے زیادہ پاکستانی چینلز کے سبسکرائبرز کی تعداد 10 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستانی یوٹیوب چینلز پر دو کروڑ گھنٹے سے زیادہ ویڈیو مواد اپ لوڈ کیا گیا جبکہ پاکستانی تخلیق کاروں کے مواد کو ملنے والے مجموعی واچ ٹائم کا 60 فیصد حصہ بیرون ملک ناظرین سے آیا۔ گوگل میں پاکستان، فلپائن، تھائی لینڈ اور فرنٹیئر مارکیٹس کے کلسٹر ڈائریکٹر فرحان قریشی نے کہا کہ پاکستانی تخلیق کار ثابت کررہے ہیں کہ معیاری کہانی سنانے کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔

بقیہ جات 21

کم ہے اور ہر سکول میں 3،3 اساتذہ تعینات ہیں۔ محکمہ سکولز ایجوکیشن کے مطابق آؤٹ سورس کیے جانے کے باوجود ان سکولوں میں طلبہ کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوسکا۔ ان سکولوں کے انضمام کے بعد پنجاب بھر میں سرکاری سکولوں کی مجموعی تعداد 37 ہزار رہ جائے گی۔ محکمہ کے مطابق اب تک 13 ہزار سرکاری سکول ٹھیکے پر دیے جا چکے ہیں۔

بقیہ جات 22

عبدالرحمان اور محمد ایاز گرفتار کیے گئے۔ کارروائی کے دوران 2 موبائل فونز، واٹس ایپ نمبرز اور متعدد خواتین کا قابل اعتراض مواد برآمد کیا گیا، اسی طرح ملتان میں خاتون کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کرنے اور بلیک میلنگ میں ملوث ملزم فرہاد عباس کو گرفتار کیا گیا۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق تمام کارروائیوں میں برآمد ڈیجیٹل شواہد کی فرانزک جانچ جاری ہے، آن لائن ہراسمنٹ یا بلیک میلنگ کی صورت میں شہری خصوصا خواتین فوری طور پر این سی سی آئی اے سے رابطہ کریں

بقیہ جات 23

کمال خان نے کہا کہ ایس ایم ایز پاکستان کے مینوفیکچرنگ سیکٹر میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے، صنعتی ترقی اور برآمدات میں اضافے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایس ایم ایز کو مضبوط کرنا حکومت کی اہم ترجیح ہے۔ وفد نے افریقی منڈیوں میں بزنس ٹو بزنس میٹنگز اور تجارتی وفود کے انعقاد کے لیے حکومتی تعاون کی بھی درخواست کی تاکہ پاکستانی کاروباری اداروں کو تجارتی روابط قائم کرنے میں مدد ملے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ افریقہ کی بڑھتی ہوئی آبادی اور مسابقتی قیمت والی مصنوعات کی طلب پاکستان کے انجینئرنگ، دھات، گھریلو آلات اور لائٹ مینوفیکچرنگ کے شعبوں کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہے۔ اجلاس میں کاروبار کرنے کی زیادہ لاگت، توانائی کی قیمتوں، ٹیکس، سستی مالیات تک رسائی اور پرانی صنعتی مشینری کو بدلنے کے حوالے سے بھی تعمیری بات چیت کی گئی۔ جام کمال نے کہا کہ حکومت صنعتی مسابقت کو بہتر بنانے، ٹیکنالوجی کی اپ گریڈیشن کو فروغ دینے اور فنانسنگ تک بہتر رسائی کے ذریعے جدید کاری کی حوصلہ افزائی کے لیے اصلاحات پر سرگرمی سے عمل کررہی ہے۔ ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر نے وفد کو بتایا کہ حکومت برآمد کنندگان کی سہولت کے لیے ایکسپورٹ فنانسنگ اور کریڈٹ گارنٹی کی سہولیات میں تیزی لارہی ہے۔ انہوں نے کاروباری اداروں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان کی حمایت یافتہ فنانسنگ کے لیے کمرشل بینکوں سے رجوع کریں اور انہیں یقین دلایا کہ وزارت ان سہولیات تک رسائی میں برآمد کنندگان کو درپیش حقیقی مسائل کو حل کرے گی۔

بقیہ جات 24

۔دوسری جانب گزشتہ رات خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو کے علاقے خزینہ بانڈہ پولیس چیک پوسٹ پر حملے میں ڈی ایس پی دیار خان سمیت 7 اہلکار شہید ہوگئے تھے۔ پولیس کے مطابق چیک پوسٹ پر حملے میں 20 اہلکار زخمی بھی ہوئے، پولیس کی جوابی کارروائی میں 6 حملہ آور مارے گئے ہیں۔

بقیہ جات 25

،وٹی 4 میں پیپلز پارٹی کے جاوید بٹ، مسلم لیگ ن کے محمد یاسین لون اور آئی پی پی کے حمزہ مجید بزمی نمایاں امیدواروں میں شامل ہیں۔ وٹی 5 میں مسلم لیگ ن کے احمد رضا قادری، پیپلز پارٹی کے محمد راشد اسلام، جماعت اسلامی کے حنیف منظور ڈار اور مسلم کانفرنس کی مہرالنساء مدِ مقابل ہیں۔ جموں 6 میں پیپلز پارٹی کے چوہدری فخر زمان، مسلم لیگ ن کے راجہ محمد صدیق اور آئی پی پی کے محمد طاہر کھوکھر سمیت دیگر امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن کے مطابق ایل اے 43 ویلی 4 میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 346,3، ایل اے 44 ویلی 5 میں 996,6 جبکہ ایل اے 39 جموں 6 میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 000,37 کے قریب ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ایل اے 39 جموں 6 کے حلقے میں چکوال، جہلم، اٹک، پشاور اور حلہ گنگ شامل ہیں۔ پولنگ کے انتظامات کے تحت ایل اے 43 ویلی 4 میں 10، ایل اے 44 ویلی 5 میں 27 جبکہ ایل اے 39 جموں 6 میں 155 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 26

کے خلاف پاک افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پولیس کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کیلئے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم قومی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ جات 27

گوادر سے تقریباً 120 ناٹیکل میل جنوب میں انجن کی خرابی کے باعث پھنس گئی تھی۔ جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈی نیشن سینٹر نے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کیلئے پاک بحریہ سے رابطہ کیا تھا، پاک بحریہ کے جوانوں نے کشتی کے عملے کو سمندر میں خوراک، پینے کا پانی اور طبی امداد فراہم کی، سمندر میں انجن کی خرابی کے باعث پھنسی ہوئی کشتی کو پاک بحریہ نے بحفاظت ساحل تک منتقل کیا۔ یہ کامیاب ریسکیو آپریشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کے عزم اور ہمہ وقت تیاری کا مظہر ہے۔

بقیہ جات 28

والد طالبہ کو کالج چھوڑ کر گیا، چھٹی پر لینے پہنچا تو بیٹی غائب تھی جبکہ کالج انتظامیہ نے موقف اپنایا کہ طالبہ چھٹی کے بعد کالج سے جاچکی تھی تاہم تلاش کے باوجود طالبہ کا سراغ نہ مل سکا۔ والد نے کہا کہ نامعلوم افراد بیٹی نمرہ کو اغوا کر کے لے گئے۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق نامعلوم افراد کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئیں، طالبہ کی بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ جات 29

میں سیلابی صورتحال معمول پر آچکی ہے جبکہ شہریوں کو آئندہ چند روز تک ممکنہ بارشوں کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے چناب کے تمام بیراجوں، دریائے راوی کے تمام ہیڈ ورکس، جبکہ دریائے جہلم اور ستلج میں بھی پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دریائے سندھ میں صرف کالا باغ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، جہاں پانی کی آمد 3 لاکھ 31 ہزار اور اخراج 3 لاکھ 23 ہزار کیوسک ریکارڈ کی گئی ہے، تربیلا، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر بھی پانی کا بہاؤ نارمل ہے جبکہ ڈیرہ غازی خان کی رودکوہیوں میں بھی صورتحال معمول پر ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق نالہ ایک اور بئیں میں نچلے درجے جبکہ وزیرآباد کے نالہ پلکھو میں درمیانے درجے کا سیلاب موجود ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی چنہ نے کہا کہ مون سون بارشوں کا چوتھا سلسلہ 5 اگست تک جاری رہنے کی پیشگوئی ہے، جس کے باعث بالائی کیچمنٹ ایریاز میں بارشوں سے مشرقی دریاؤں اور ان سے ملحقہ نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوسکتا ہے جبکہ برساتی نالوں میں فلیش فلڈنگ کا بھی خطرہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور، راولپنڈی، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، فیصل آباد اور ملتان میں اربن فلڈنگ جبکہ مری، گلیات اور دیگر پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے دریاؤں کے کناروں اور نشیبی علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو فوری محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب نے متاثرہ علاقوں میں فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیئے ہیں، جہاں بنیادی سہولیات اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ موسم اور سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کریں، دریاؤں، نہروں اور ندی نالوں کے اطراف غیر ضروری آمدورفت اور سیر و تفریح سے گریز کریں، جبکہ بچوں کو ہرگز دریاں اور برساتی نالوں میں نہانے نہ دیا جائے۔

بقیہ جات 30

نے کہا ہے کہ سینئر ٹی وی فنکار محمد احمد کے ساتھ ڈرامہ سیریل کے سیٹ پر پیش آنے والا واقعہ نہ صرف قابل مذمت بلکہ انتہائی افسوسناک ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ میں نوجوان ٹی وی فنکاروں کیلئے مینٹورشپ پروگرام کی شکل میں ایک حل پیش کرنا چاہوں گا جس کی سربراہی احمد صاحب جیسے سینئر ٹی وی آرٹسٹ کریں یا اسی نوعیت کی ایک کونسل قائم کی جائے اس سلسلے میں تجاویز حاصل کرنے کے لئے جلد ہی ٹی وی آرٹسٹوں کا ایک اجلاس طلب کیا جائے گا۔

بقیہ جات 31

سے بگڑتی ہوئی انسانی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فلسطینی عوام کے جائز حقوق کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا اور فلسطینی عوام کی حمایت میں سفارتی کوششوں کو مربوط بنانے کے لیے اردن کی جانب سے عرب اور اسلامی ممالک کا اجلاس بلانے کی تجویز پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ جات 32

گے۔ اس سے قبل اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان کے گھر غلط فہمی کی بنیاد پر پولیس کی نفری لانے پر ایس ایچ او سمیت 11 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ جات 33

۔وزیراعظم نے کشتی پر سوار عملے کے تمام 19 افراد، جن میں 11 پاکستانی اور 8 ایرانی شہری شامل تھے، کو بحفاظت بچانے پر آپریشن میں شامل پاک بحریہ کے افسروں اور جوانوں کی پذیرائی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کے جوانوں نے کشتی کے عملے کو سمندر میں خوراک، پینے کا پانی اور طبی امداد فراہم کی جو کہ ہماری افواج کی انسانی ہمدردی اور پیشہ ورانہ تربیت کا عملی ثبوت ہے، یہ کامیاب ریسکیو آپریشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کے عزم اور ہمہ وقت تیاری کا مظہر ہے۔

بقیہ جات 34

لیے جاری تھی، گرفتار ملزمان عبیداللہ اور عبداللہ کا تعلق پشاور اور کوہاٹ سے ہے۔ ملزمان نے تین مقامات پر موٹروے پولیس کے روکنے کے باوجود فرار ہونے کی کوشش کی، جسکو موٹروے پولیس نے ناکام بنا دیا۔ موٹروے پولیس نے اوور اسپیڈنگ پر مذکورہ گاڑی روکنے کی کوشش کی، تلاشی لینے پر بھاری اسلحہ برآمد ہوا۔ برآمد شدہ اسلحے میں 14 ایس ایم جی رائفلیں، 19 تیس بور پستول، 4 نائن ایم ایم پستول اور 18 ہزار سے زائد گولیاں شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران 46 اضافی ایس ایم جی میگزین، 43 پستول میگزین اور 4 ٹیلی اسکوپس بھی برآمد ہوئے۔ موٹروے پولیس نے گرفتار ملزمان، اسلحہ اور گولہ بارود مزید قانونی کارروائی کے لیے سکھر پولیس کے حوالے کردیا۔

بقیہ جات 35

31 جولائی کی شام یا رات سے 2 اگست تک وقفے وقفے سے بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں سسٹم کے زیر اثر یکم اگست کی شام سے 2 اگست کے دوران بارش کا امکان ہے، شہر میں ہلکی سے معتدل شدت کی بارش ہوسکتی ہے تاہم اس سسٹم کے زیر اثر کراچی میں موسلادھار بارش کا امکان نہیں۔

بقیہ جات 36

کے باعث اچانک دھماکہ ہوا، دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری جانب باجوڑ کے علاقے تحصیل ماموند لوئی خرکی واڑہ ماموند میں گورنمنٹ پرائمری اسکول کو اڑا دیا گیا، پولیس ذرائع نے کہا کہ نامعلوم مسلح افراد نے بارودی مواد سے اسکول کو اڑایا، عمارت کو نقصان ہوا جب کہ جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ جات 37

دیا۔ عدالت کی جانب سے علیمہ خان اور عظمیٰ خان کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیے گئے جبکہ عدالت نے علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی جائیدادوں کی تفصیلات بھی طلب کر لی ہیں۔ قبل ازیں پولیس نے آج اشتہاری کی کارروائی مکمل کرکے رپورٹ عدالت میں جمع کروائی، جس پر عدالت نے پولیس رپورٹ کی روشنی میں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کو اشتہاری قرار دیا۔

بقیہ جات 38

کرتے ہوئے الیکٹرک بس منصوبے کی موجودہ شرائط برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے اور منصوبہ انہی شرائط کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ جات 39

سندھڑ کو غیر قانونی طور پر چیئرمین سروس ٹریبونل تعینات کیا گیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی مشاورت کے بغیر سجاد حسین سندھڑ کی تعیناتی کی گئی، سجاد حسین سندھڑ ریٹائرڈ سیشن جج کی پنشن اور مراعات بھی لے رہے ہیں، قانون کے مطابق سجاد حسین سندھڑ تنخواہ یا پنشن میں سے ایک لے سکتے ہیں۔ استدعا ہے عدالت چیئرمین سروس ٹریبونل سجاد حسین سندھڑ کی تعیناتی کالعدم قرار دے اور وصول کی گئی تنخواہوں کی ریکوری کا حکم دیا جائے۔

بقیہ جات 40

235 اے کے تحت دیگر گھریلو صارفین سے ایک ارب 37 کروڑ روپے وصول ہوئے۔ سیلز ٹیکس کے 351 ارب روپے میں سے 269 ارب نارمل، 55 ارب اضافی اور 16.5 ارب ریٹیلرز سے حاصل کیے گئے۔

بقیہ جات 41

سے دھمکیاں اور بحری جہازوں کی آمدورفت میں مداخلت جاری رہے گی، آبنائے ہرمز بندر ہے گی۔

بقیہ جات 42

والے لوگوں کا تحفظ اور سہولت ہماری اولین ترجیح ہے۔ مقررہ ریٹس سے زیادہ پیسے وصول کرنے کی شکایت پر ٹھیکیدار کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت ایکشن لیا جائے گا۔

بقیہ جات 43

پیٹرولیم لیوی اور کسٹمز ڈیوٹی کلائمیٹ لیوی کی مد میں کم جمع کروانے پر نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ ایف بی آر نے ان کمپنیوں کو درآمد شدہ پیٹرولیم مصنوعات کے اعداد و شمار نوٹس میں جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ جتنا پیٹرول کمپنیوں نے اپنے آئل ڈپوؤں میں آف لوڈ کروایا اس حساب سے پیٹرولیم لیوی، کلائمیٹ لیوی اور کسٹمز ڈیوٹی کی رقم کم جمع کروائی جس کی مالیت 9 ارب 99 کروڑ 95 لاکھ 29 ہزار 928 روپے بنتی ہے۔ نوٹس کے مطابق پی ایس او کو 8 ارب 19 کروڑ 80 لاکھ 79 ہزار 738 روپے، پوما انرجی اور پاک عرب پائپ لائن نے کسٹمز ڈیوٹی، پیٹرولیم اور کلائمیٹ لیوی کی مد میں 13 کروڑ 53 لاکھ 39 ہزار 806 روپے، ہائی ٹیک لبرکنٹ کو 11 کروڑ 67 لاکھ 53 ہزار 65 روپے، پی انرجی لمیٹڈ کو 25 کروڑ 63 ہزار 663 روپے، تاج گیسولین کو 26 کروڑ 4 لاکھ 67 ہزار 404 روپے اور گیس اینڈ آئل پاکستان لمیٹڈ 22 کروڑ 22 لاکھ 26 ہزار 252 روپے جمع کروانی ہے۔ ایف بی آر نے واضح کیا کہ نوٹس کا بروقت جواب نہ دینے اور رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں قانون کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ جات 44

ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ جات 45

کے لیے محکمہ پولیس شب و روز سرگرم ہے۔ سی سی پی او لاہور نے ہدایت کی کہ خواتین سے متعلق مقدمات میں متاثرہ فریق کے احترام اور رازداری کو ہر صورت مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کے خلاف جرائم پر بروقت کارروائی، میرٹ پر تفتیش اور فوری انصاف لاہور پولیس کی اہم ذمہ داری ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے کہا کہ رواں سال ورچوئل وومن پولیس اسٹیشن کو 60 ہزار 300 سے زائد کالز موصول ہوئیں۔ ترجمان نے بتایا کہ 62 ہزار سے زائد کالز پر قانونی کارروائی مکمل کی جا چکی ہے اور 295 درخواستوں پر انکوائری جاری ہے جبکہ موصولہ کالز پر کارروائی کرتے ہوئے 858 مقدمات درج کیے گئے ہیں جن پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

بقیہ جات 46

جام شہادت نوش کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے حملے میں ڈی ایس پی سمیت زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف خیبر پختونخوا پولیس کا غیر متزلزل عزم اور لازوال قربانیاں قوم کیلئے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں سے شہید ہونے والے ہر اہلکار اور ہر شہری کے خون کا حساب لیں گے

بقیہ جات 47

سیدہ طوبیٰ اور اب میں بھی۔ ثاقب چدھڑ کی جانب سے عروبہ مرزا کے ان دعوؤں پر تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا

بقیہ جات 48

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران مشترکہ تربیت، فوجی مشقوں، تکنیکی تعاون اور دفاعی صنعت میں شراکت داری کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ بیلاروسی وفد کے سربراہ نے پاکستان فضائیہ کی نمایاں پیش رفت کو سراہا، بیلاروسی وفد نے آپریشنل تیاری، جدید ٹیکنالوجی میں ترقی اور خود انحصاری کے اقدامات کی تعریف کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران دفاعی شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے بیلاروس کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا

بقیہ جات 49

کی تاریخی و سماجی اہمیت، اس کے دیرپا تحفظ اور اسے محفوظ انداز میں آئندہ نسلوں تک منتقل کرنے کی ضرورت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ورثہ ہماری پہچان ہے اور اس کا تحفظ ہم سب کی قومی و سماجی ذمہ داری ہے۔ اس پروقار تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اراکین اور دیگر معزز مہمانوں نے بھی شرکت کی۔ ان شخصیات میں عرفان مفتی، شہزاد فرانس، ناصر نائیکر، سہیل اے ڈی، پروفیسر عائزہ محمد اشفاق نذر، شاور ایڈووکیٹ، سرفراز کلیمنٹ، تصور یونس گل، صباء رانی، شبانہ رزاق، کیسم ظہور، مہک اظہور نمایاں تھے۔ معزز مہمانوں اور مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ثقافتی ورثے کا فروغ اور معاشرے میں بین الثقافتی ہم آہنگی کا قیام ایک پرامن اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ شرکاء نے ورکشاپ کے انعقاد کو شاندار الفاظ میں سراہا اور ایسے تعمیری پروگرامز کے تسلسل کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا

بقیہ جات 50

نشانات نظر آئے تو انہوں نے مزید پوچھ گچھ کی جس پر بچی نے مبینہ طور پر بتایا کہ 21 جولائی 2026 کو علی حسن نامی شخص گھر آیا، اسے زبردستی کمرے میں لے گیا زیادتی کا نشانہ بنایا اور کسی کو بتانے کی صورت میں جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ پولیس نے متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ پولیس کے مطابق میڈیکل، فرانزک شواہد اور دیگر قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد میرٹ پر مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ جات 51

فیس کے اہداف اور ستھرا پنجاب کی استعدادکار بڑھانے پر غور کرتے ہوئے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ستھرا پنجاب اتھارٹی کے ریگولیشنز کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں ویسٹ ٹو ویلیو فیر کے منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ جن علاقوں میں ضرورت ہے وہاں مزید لینڈ فل سائٹس بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ سے بائیو گیس، نامیاتی کھاد اور دیگر مصنوعات کی تیاری پر کام ہورہا ہے۔ کاربن کریڈٹس کے لئے ورلڈ بینک کے ساتھ خط و کتابت ہورہی ہے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے گا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے کہا کہ نجی شعبے کو ویسٹ ٹو ویلیو پروگرام میں سرمایہ کاری کی دعوت دی جائے گی۔ بزنس ماڈل کی تیاری اور ماہرین کی سفارشات پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے

بقیہ جات 52

کہ ہدف پورا نہ کرنے والے اسکول سربراہان کے خلاف کارروائی کی جائے گی، جبکہ نئے داخل ہونے والے طلبہ کے ب فارم کی نادرا سے تصدیق بھی لازمی ہوگی۔ دوسری جانب پنجاب ٹیچرز یونین نے موقف اختیار کیا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار اگست میں داخلہ مہم کا کوئی جواز نہیں، سخت اہداف کے باعث دباؤ میں اسکول ہیڈ ٹیچرز بوگس داخلے کرنے پر مجبور ہیں

بقیہ جات 53

چندرائے روڈ پر پیش آنے والے حادثہ میں نوید نامی شخص جانوروں کے چارے سے بھرے ٹرالے کے اوپر موجود تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق چارے کی غیر معمولی اونچائی کے باعث اس کا ہائی وولٹیج لائن سے ٹکرا گیا جس سے وہ جاں بحق ہوگیا۔ تکنیکی جائزے کے مطابق متعلقہ ہائی وولٹیج لائن مقررہ اور معیاری بلندی پر نصب تھی اور لیسکو کے نظام میں کسی قسم کی فنی خرابی سامنے نہیں آئی۔ دوسرا حادثہ شاہ کمال سب ڈویژن میں شدید بارش کے دوران 11 کے وی انمول ہسپتال فیڈر پر پیش آیا، جہاں لکڑی کا کراس آرم ٹوٹنے سے ہائی ٹینشن لائن کا ایک کنڈکٹر نیچے آگیا۔ اس دوران وہاں سے گزرنے والی ایک خاتون حادثاتی طور پر لائیو تار کی زد میں آکر جاں بحق ہوگئیں۔ واقعے کے فوراً بعد متعلقہ فیڈر بند کرکے بجلی منقطع کر دی گئی جبکہ لیسکو کی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور تکنیکی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے دونوں واقعات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ہائی وولٹیج لائنوں کے قریب غیر معمولی اونچائی والا سامان لے جاتے وقت خصوصی احتیاط کریں، ٹوٹی ہوئی یا لٹکتی بجلی کی تاروں سے ہرگز قریب نہ جائیں، بچوں اور مویشیوں کو بجلی کی تنصیبات سے دور رکھیں اور کسی بھی خرابی کی صورت میں فوری طور پر لیسکو کو اطلاع دیں

بقیہ جات 54

رجسٹریشن اتھارٹیز کو ڈیلرز کی رجسٹریشن کے لیے فہرستیں فراہم کردی گئی ہیں جبکہ موٹر رجسٹریشن اتھارٹیز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ڈیلرز سے رابطہ کرکے انہیں رجسٹریشن کے عمل میں شامل ہونے کی دعوت دیں۔ ایکسائز حکام کے مطابق ڈی وی آر ایس کے لائسنس کے اجراء کو آسان بنانے اور فیس میں کمی کے لیے سمری حکومت کو بھجوا دی گئی ہے، اس وقت لاہور سمیت پنجاب بھر میں گزشتہ 11 سال سے صرف 102 ڈی وی آر ایس لائسنس یافتہ موجود ہیں، جن میں 96 ڈیلرز کو موٹر سائیکلوں جبکہ 6 ڈیلرز کو کاروں کی رجسٹریشن کا اختیار حاصل ہے۔

بقیہ جات 55

باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اگرچہ شہداء کے اہل خانہ اپنے پیاروں کی جدائی کے غم سے دوچار ہیں لیکن انہیں اپنے بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں پر فخر بھی ہے قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے ایثار و بہادری کو خراج تحسین پیش کرتی رہے گی۔ فوجی جوان ہر دم ملک کی حفاظت اور بقاء کیلئے اپنی جان قربان کرنے کو تیار رہتے ہیں، دفاع وطن کے لئے دی جانے والی لازوال قربانیاں افواج پاکستان کی میراث ہیں، جان قربان کرنے والے عظیم سپوتوں کی قربانیوں نے پاکستان کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ وطن کی خاطر جان قربان کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہر پاکستانی کا اخلاقی اور قومی فرض ہے۔ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم قومی اداروں کے کردار پر ذمہ دارانہ گفتگو کریں، شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھیں اور قومی اتحاد کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے وطن عزیز پاکستان کو امن، استحکام اور ترقی عطا فرمائے، ہمارے شہداء پر اپنی بے پایاں رحمتیں نازل فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے

بقیہ جات 56

ہوئے انہیں ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے۔

بقیہ جات 57

بابرکت تقریب کی نگرانی اور خدمت میں حضرت پیر سید اللہ دتہ شاہ بخاری، حضرت پیر سید طفیل علی شاہ بخاری اور حضرت پیر سید مبارک علی شاہ بخاری کے صاحبزادگان اور خانوادہ سجادہ نشین بھرپور انداز میں شریک ہیں اور عرس مبارک کے انتظامات نہایت احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔ اس موقع پر صاحبزادہ پیر سید اعظم حسین شاہ بخاری، پیر سید محمد ندیم شاہ بخاری، صاحبزادہ سید فرحان اعظم بخاری، صاحبزادہ سید حیدر علی شاہ بخاری اور دیگر معزز صاحبزادگان و اہل خاندان بھی اپنی حاضری دے کر عرس مبارک کی روحانی محافل میں شریک ہیں۔

بقیہ جات 58

زرعی اراضی فراہم کرکے انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مستحق کاشتکاروں کو صرف زمین ہی نہیں بلکہ زرعی معاونت بھی فراہم کی جائے گی تاکہ وہ مستقل روزگار حاصل کرکے باعزت طریقے سے اپنے خاندانوں کی کفالت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ریونیو الاٹ شدہ زمینوں پر مستحقین کو قبضہ دلوائے گا جبکہ محکمہ زراعت انہیں فنی اور زرعی معاونت فراہم کرے گا تاکہ یہ منصوبہ حقیقی معنوں میں کامیابیوں سے ہمکنار ہوسکے۔ کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی اور ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے بتایا کہ ضلع میں ایک ہزار 560 زرعی پلاٹس پر مشتمل 3 ہزار 387 ایکڑ سے زائد سرکاری اراضی مستحق کاشتکاروں میں تقسیم کی جارہی ہے۔ اس سکیم کے لیے ایک ہزار 672 درخواستیں منظور کی گئیں اور کامیاب امیدواروں کا انتخاب شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے عمل میں آیا ہے۔ رکن پنجاب اسمبلی سردار عاصم شیر میکن نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور یہ پروگرام دیہی علاقوں میں خوشحالی کا ذریعہ ثابت ہوگا۔

بقیہ جات 59

حکومت نے بروقت اور موثر معاشی فیصلوں کے ذریعے ملک کو دیوالیہ پن کے خطرے سے نکال کر معاشی بحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے جبکہ اب حکومت کی اولین ترجیح اس مشکل سے حاصل ہونے والے معاشی استحکام کا ہر قیمت پر تحفظ کرتے ہوئے اسے "اڑان پاکستان" کے قومی ترقیاتی فریم ورک کے تحت پائیدار اقتصادی ترقی، سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور مشترکہ قومی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عالمی معیشت اس وقت غیر معمولی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے، جغرافیائی کشیدگی، توانائی کی عالمی رسد میں رکاوٹیں، بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اتار چڑھاؤ اور عالمی تجارت میں بڑھتی ہوئی غیر یقینی کیفیت ترقی پذیر ممالک کے لیے سنگین چیلنجز بن چکی ہے۔ ان حالات میں مضبوط معاشی حکمت عملی، مالیاتی نظم و ضبط اور دور اندیش اقتصادی پالیسیوں کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ان عالمی چیلنجز کے باوجود اپنی معاشی بنیادوں کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ملکی معاشی کارکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے پروفیسر احسن اقبال نے بتایا کہ مالی سال 2025-26 کے دوران پاکستان کی معیشت نے وسیع بنیادوں پر بحالی کا مظاہرہ کیا اور مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو 2.3 فیصد سے بڑھ کر 7.3 فیصد تک پہنچ گئی۔ انہوں نے بتایا کہ زرعی شعبے میں 9.2 فیصد، خدمات کے شعبے میں 1.4 فیصد جبکہ صنعتی شعبے میں 5.3 فیصد شرح نمو ریکارڈ کی گئی۔ زراعت، صنعت اور خدمات تینوں بڑے شعبوں کی مثبت کارکردگی نے مجموعی معاشی نمو کو تقویت دی اور اس بات کی عکاسی کی کہ ملکی معیشت تدریجاً مضبوط بنیادوں پر استوار ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر مہنگائی کے دباؤ کے باوجود حکومت نے موثر معاشی نظم و نسق کے ذریعے قیمتوں کو قابو میں رکھا اور مالی سال 2026-27 میں افراط زر کی شرح 1.7 فیصد رہی جو حکومت کے مقررہ 5.7 فیصد ہدف سے بھی کم ہے

بقیہ جات 60

کے مطابق سیاسی جماعتوں کو مختلف وجوہات کی وجہ سے ڈی لسٹ کیا گیا ہے اور چاروں سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کرنے کے نوٹیفکیشنز بھی جاری کردیے گئے ہیں۔ ای سی پی کی جانب سے جن سیاسی جماعتوں کو ڈی لسٹ کیا گیا ہے، ان میں ٹیکنالوجی موومنٹ پاکستان، عوامی جمہوری پارٹی پاکستان، ہم عوام پاکستان پارٹی اور پاکستان ریفارم پارٹی شامل ہیں اس حوالے سے بتایا گیا کہ ان سیاسی جماعتوں کو انٹرا پارٹی انتخابات، سالانہ گوشوارے اور دیگر تقاضے پورے نہ کرنے پر ڈی لسٹ کیا گیا ہے۔ ان 4 سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخی کے بعد سیاسی جماعتوں کی تازہ فہرست جاری کردی گئی ہے، جس کے مطابق الیکشن کمیشن میں درج سیاسی جماعتوں کی تعداد کم ہوکر 164 ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی اور ٹی ایل پی بغیر کسی تنظیم کے فہرست میں موجود ہیں۔ الیکشن کمیشن اس سے پہلے پاک سرزمین پارٹی، استحکام پاکستان تحریک کو ڈی لسٹ کر چکا ہے جب کہ الیکشن کمیشن نے پاکستان جسٹس اینڈ ڈیموکریٹک پارٹی سمیت 8 سے زائد سیاسی جماعتوں کو بھی ڈی لسٹ کیا ہے۔

بقیہ جات 61

ضعیف والدہ اور بھائی پر بہیمانہ تشدد کیا۔ والدہ کی درخواست پر بدبخت بیٹے کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اہل کار کی ضعیف والدہ نے بتایا کہ اس کے 3 بیٹے ہیں، جن میں سے 2 فرخ منیر اور کاشف منیر فیملی کے ساتھ میرے پاس ہی رہائش پذیر ہیں۔ فرخ منیر پولیس میں ملازم ہے، جس نے چابیاں مانگیں تو اسے بتایا کہ چابی گم ہوگئی ہے۔ والدہ نے بتایا کہ چابی گم ہونے کا کہنے پر بیٹا فرخ منیر غصے میں آگیا اور مجھے چہرے پر تھپڑ مارے، بالوں سے پکڑا اور کپڑے پھاڑ ڈالے۔ اس دوران دوسرا بیٹا کاشف منیر مجھے بچانے آیا تو اس سے بھی جھگڑا شروع کردیا۔

روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
بانی
علی ہادی کوثر
معاون وکلاء
پاکپتن
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر

اشاعت خاص

تحریر، روحیل اکبر

لاہور پریس کلب کے صحافیوں کا

دیرینہ خواب شرمندہ تعبیر

صحافی کالونی فیز ٹو چہار باغ منتقل کرنے کا فیصلہ

صحافی برادری کے مسائل کے حل کی جانب ایک اہم قدم

- صحافیوں کو جدید سہولیات سے آراستہ رہائشی پلان فراہم کیا جائے گا
- منتقلی کے عمل کو شفاف اور جلد مکمل کرنے کی ہدایت
- صحافی برادری کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے
- لکھوں صحافیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے خوشخبری

صحافی برادری نے حکومت پنجاب، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور دیگر حکام کا شکریہ ادا کیا

منصوبہ پہلے سے منظور شدہ ماسٹر پلان کے مطابق مکمل کیا جائے گا، جس پر لاہور پریس کلب کے صحافیوں نے خوشی کا اظہار کیا

طاہر رضا ہمدانی اور سی ای او روڈا عمران امین کی زیر صدارت راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RUDA) میں اعلیٰ سطح کا اجلاس

حکومت پنجاب نے صحافی برادری کو اپنی چھت فراہم کرنے کے وعدے کی تکمیل کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے صحافی کالونی فیز ٹو کو کنارِ بند روڈ سے شہر کی پرائم لوکیشن چہار باغ (چے باغ) منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ منصوبہ پہلے سے منظور شدہ ماسٹر پلان کے مطابق مکمل کیا جائے گا، جس پر لاہور پریس کلب کے صحافیوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک تاریخی اقدام قرار دیا ہے۔ اس حوالے سے راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RUDA) میں اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس کی مشترکہ صدارت سیکرٹری اطلاعات پنجاب طاہر رضا ہمدانی اور سی ای او روڈا عمران امین نے کی۔ اجلاس میں صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری، جنرل سیکرٹری افضال طالب، پنجاب جرنلسٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے افسران اور روڈا کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب جرنلسٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اہل صحافیوں کی فہرست فوری طور پر روڈا کو فراہم کرے گی، جس کے بعد پلاٹوں کے حقدار صحافیوں کو باضابطہ اطلاع نامے جاری کیے جائیں گے تاکہ ترقیاتی کام اور پلاٹوں کی الاٹمنٹ کا عمل بلا تاخیر آگے بڑھ سکے۔ مزید یہ بھی طے پایا کہ ماسٹر پلان، ایڈوانس فیس اور اقساط پہلے سے طے شدہ شرائط کے مطابق ہوں گی جبکہ ڈیولپمنٹ چارجز براہ راست روڈا وصول کرے گا۔ سیکرٹری اطلاعات پنجاب طاہر رضا ہمدانی نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صحافیوں کو باوقار رہائش فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے اور روڈا کی کاوشوں سے یہ منصوبہ تیزی سے عملی شکل اختیار کر رہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ترقیاتی کام، پلاٹوں کی پوزیشن اور دیگر مراحل بروقت مکمل ہوں گے تاکہ صحافی جلد اپنے گھروں کی تعمیر کا خواب پورا کر سکیں۔ صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے دیتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی اور سی ای او روڈا عمران امین کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب نے صحافی برادری سے کیا گیا وعدہ پورا کرنے کی جانب عملی اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے بہترین مقام پر صحافی کالونی فیز ٹو کی منتقلی حکومت کی صحافی دوست پالیسی کا واضح ثبوت ہے۔ صحافی برادری نے اس اہم فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری اطلاعات پنجاب طاہر رضا ہمدانی، سی ای او روڈا عمران امین بخاری، سیکرٹری اطلاعات طاہر اور لاہور پریس کلب کی منتخب قیادت کی مشترکہ کاوشوں کے نتیجے میں صحافیوں کا برسوں پرانا خواب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے، جو آنے والی نسلوں کے لیے ایک قابلِ قدر تحفہ ثابت ہوگا۔

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر مجل پرنٹرز مجل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر 14-H1 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200